http://dailygwadarbusiness.com.pk

Member APNS
کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت
Daily Gwadar Business Quetta
ABC Certified
روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ
جلد 22 | پیر 21 ستمبر 2026ء | 08 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 72
Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

قلت پیدا ہونے کی صورت میں فی لیٹر قیمت ایک ہزار روپے تک پہنچ سکتی ہے، فی الحال کوئی قلت نہیں، علی پرویز ملک

کسی کو اسلام آباد پر یلغار کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، ریاستی مفادات کے تحفظ کیلئے جو کچھ کرنا پڑا کریں گے، عوام کے لیے تیل سستا کرنا میری ذمہ داری ہے

یورپ اور امریکہ میں تیل مہنگا ہو چکا ہے، عالمی تیل منڈیوں میں بھونچال آیا ہوا ہے، کشیدگی کے باعث عالمی سطح پر قیمتوں، سپلائی پر اثر پڑ رہا ہے، وزیر پیٹرولیم

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے خبردار کیا ہے کہ پیٹرول کی قلت پیدا ہونے کی صورت میں اس کی فی لیٹر قیمت ایک ہزار روپے تک پہنچ سکتی ہے تاہم فی الحال ملک میں پیٹرول کی کوئی قلت نہیں ہے، یورپ اور امریکہ میں تیل مہنگا ہو چکا ہے (بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر)

ہنگو، سکیورٹی فورسز کی کارروائی، 8 دہشتگرد مارے گئے، 2 افسران اور 4 جوان شہید

شہدا میں کیپٹن ابوذر فاروق اور لیفٹیننٹ شیراز بابر، 4 جوان شکیل احمد، حمزہ، محمد عثمان اور غلام سجاد شامل

راولپنڈی / کوہاٹ / ہنگو / اسلام آباد (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع ہنگو میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی کے نتیجے میں آٹھ دہشتگرد مارے گئے جبکہ پاک فوج کے (بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر)

حکومت بجلی کی خریداری سے عملی طور پر باہر ہو رہی ہے، اویس لغاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ حکومت بجلی کی خریداری سے عملی طور پر باہر ہو رہی ہے، کسی (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

اڈیالہ جیل میں عمران خان کا طبی معائنہ، مختلف ٹیسٹ کیے

بانی پی ٹی آئی کے بلڈ پریشر، کولیسٹرول اور آنکھوں سمیت مکمل طبی معائنہ کیا گیا، جیل ذرائع

راولپنڈی (این این آئی) اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کا طبی معائنہ کیا گیا۔ جیل ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل آنے والی خصوصی میڈیکل ٹیم عمران خان کا طبی معائنہ (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ لاہور؛ بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ نورین نیازی اور عظمیٰ خان میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

امریکی ناکا بندی کے باوجود تیل کی فروخت 2 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی، آبنائے ہرمز سے ہونے والی تجارت کا حجم گزشتہ چھ ماہ کی بلند ترین سطح پر آ گیا ہے، امریکی فوج

سعودیہ، یمن کو امن کی پیشکش، ایران کی نیوکلیئر معاہدے پر چھوٹے غور شروع

ایران حقیقی طور پر سعودی عرب اور یمن کے درمیان جنگ ختم کرنا چاہتا ہے (محسن رضائی) حملوں کیلئے امریکا کو تعاون دینے والے علاقائی ممالک کو کوئی رعایت نہیں ملے گی، ایران کی وارننگ

ایران نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں شرکت کو اپنا حق قرار دے دیا......ایران اپنے دشمنوں کا مقابلہ کرنے کے لیے فوجی طاقت استعمال کرے گا، قالیباف

پاکستانی وزیر داخلہ کا دورہ دوطرفہ تعلقات پر مرکوز ہوگا، پاکستانی وزیر داخلہ کے دورہ ایران سے متعلق کسی امریکی پیغام سے آگاہ نہیں، ترجمان وزارت خارجہ

تہران (این این آئی) ایران کے سکیورٹی چیف محسن رضائی نے کہا ہے کہ ایران جوہری ہتھیاروں کے پھیلاؤ کی روک تھام کے معاہدے سے دستبرداری کے امکان پر غور کر رہا ہے اور اس حوالے سے فیصلہ امریکا کے آئندہ رویے کو دیکھ کر کیا جائے گا۔ عرب ٹی وی کو انٹرویو دیتے (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

واشنگٹن/تہران (این این آئی) ایران نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی ناکا بندی کے باوجود ایرانی تیل کی فروخت 2 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ تہران سے جاری (بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر)

ایک ہی دن میں 25 افسران سمیت حوثیوں کے 73 جنگجو مارے گئے

تمام جنگجو صنعا، صعدہ، حجہ، الحدیدہ، ذمار، عمران، الحویت، تعز، اِب اور الجوف میں مارے گئے

بیش، طائف، فرسان اور ینبع میں بھی حوثیوں کے حملے ناکام بنا دیئے، سعودی فوجی اتحاد

صنعا/ریاض/انقرہ/نیویارک (این این آئی) یمن میں حوثی ملیشیا نے اپنے 73 افراد کی ہلاکت کی تصدیق کی ہے جن میں 25 فوجی رینک رکھنے والے افراد بھی شامل (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

کراچی؛ نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف سی اسپارک مشق کے دوران جوانوں سے ملاقات کر رہے ہیں

پولیس نے بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کو حراست میں لے لیا، جیل منتقل

علیمہ خان اپر مال میں واقع گھر سے جم جانے کے لیے نکلیں، لٹن روڈ پولیس نے حراست میں لے لیا

کسی قسم کا تصادم یا تشدد نہیں چاہتے، علیمہ خان کو گرفتار کرنا تشدد، کشیدگی کو ہوا دینے کے مترادف ہے، بیرسٹر گوہر

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان کو لاہور سے 3 ایم پی او کے تحت حراست میں لے لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق علیمہ خان کو نقص امن کے خدشے کے باعث تھری ایم پی او کے تحت لاہور لٹن روڈ پولیس نے حراست میں لیا۔ ذرائع (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

برآمدات پر مبنی معیشت کا فروغ اولین ترجیح ہے، احسن اقبال

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ برآمدات پر مبنی معیشت کا فروغ اولین ترجیح ہے، وزیراعظم محمد شہباز شریف کے ویژن کے تحت 2035 تک 100 ارب (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

پاکستان سے مل کر سعودی عسکری ضروریات کا جائزہ لیں گے، ترک وزیر خارجہ

ہم نے یوکرین اور روس کو بحیرہ اسود میں لڑائی ختم کرنے کی پیشکش بھیجی ہے، خاقان فیدان

انقرہ (این این آئی) ترک وزیر خارجہ خاقان فیدان نے کہا ہے کہ یمنی حوثیوں کے جاری حملوں کے باعث سعودی عرب کی کچھ عسکری ضروریات ہو سکتی ہیں۔ ہم پاکستان کے (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

اسرائیل کے زیر قبضہ مغربی کنارے میں رام اللہ کے قریب چیک پوسٹ پر اسرائیلی فوجی پہرہ دے رہے ہیں

احتجاج اور دھرنوں سے معیشت کو یومیہ 120 ارب روپے کا نقصان ہو گا، محمد اورنگزیب

معاشی سرگرمیوں کے تعطل سے قومی معیشت کو اربوں روپے کے نقصان کا خدشہ ہے، پائیدار معاشی استحکام کا حصول ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

امید ہے معاشی ترقی کے سفر میں مزید بہتری آئے گی، احتجاج، دھرنے اور ہڑتالیں مسائل کا حل نہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ احتجاج اور دھرنوں سے معیشت کو یومیہ 120 ارب روپے کا نقصان ہوگا، دھرنوں اور ہڑتالوں سے (بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا سے اسلام آباد آنے والی شاہراہوں پر خندقیں کھودنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) سیاسی جماعتوں کے احتجاج کے پیش نظر وفاقی پولیس نے خیبر پختونخوا سے اسلام آباد آنے والوں مظاہرین روکنے کیلیے حکمت عملی تیار کر لی۔ (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

عالمی تنازعات کا حل جنگ نہیں، مذاکرات اور سفارت کاری ہے، بلاول بھٹو

عالمی برادری کو جنگ کے بجائے مذاکرات کے ذریعے تنازعات کے حل کیلئے سفارتی ذرائع مضبوط کرنا ہوں گے

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے عالمی یوم امن کے موقع پر عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ پر امن دنیا کی بنیاد مکالمے، سفارت (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

ماسکو؛ یوکرین کے ڈرون حملوں کے بعد آئل ریفائنری سے دھواں اٹھ رہا ہے

ہماری ذمہ داری ہے کوئی پرتشدد جتھہ اسلام آباد نہیں آئے گا

عطا تارڑ

سڑکوں کی بندش، آمد و رفت میں خلل کے حوالے سے ہائی کورٹ کے واضح احکامات ہیں

فیول ریلیف سکیم کے حوالے سے شکایات بھی آ رہی ہیں، جو شکایات آ رہی ہیں، انہیں حل کیا جا رہا ہے، پٹرولیم ریلیف سکیم ٹارگٹڈ سبسڈی ہے

جماعت اسلامی کے ساتھ ہمارا رابطہ ہے، جماعت اسلامی کے پرامن اور سمجھدار لوگ ہیں، قانون سب کے لئے یکساں ہے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ سڑکوں کی بندش، عوام کی آمد و رفت میں خلل کے حوالے سے اسلام آباد ہائی کورٹ کے واضح احکامات ہیں، ہماری ذمہ داری ہے، کوئی پرتشدد جتھہ اسلام آباد نہیں آئے گا، جماعت اسلامی کے ساتھ ہمارا رابطہ ہے، جماعت اسلامی کے پرامن اور سمجھدار لوگ ہیں، قانون سب کے لئے (بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر)

پیٹرولیم لیوی، بھتہ ٹیکس، حافظ نعیم کی قیادت میں کراچی تا اسلام آباد ٹرین مارچ روانہ

کراچی سے اسلام آباد جانے والا کراچی کینٹ اسٹیشن پر ہزاروں کارکنان کی شرکت، خواتین نظم کی ذمہ داران نے شرکائے مارچ کو دعاؤں میں رخصت کیا

حکومت نوشتہ دیوار پڑھ لے، پیٹرولیم لیوی ختم، عوام پر عائد اضافی بوجھ کم کیا جائے، حافظ نعیم الرحمٰن

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

کراچی؛ جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن اسلام آباد روانگی سے قبل کارکنوں کے نعروں کا جواب دے رہے ہیں

اگر یہ سمجھتے ہیں علیمہ خان کو پکڑنے سے ہم ڈر جائیں گے تو یہ ان کی بھول ہے، نورین خان نیازی

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان کی (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

ٹرمپ کیمپ ڈیوڈ کا دورہ مختصر کر کے قبل از وقت وائٹ ہاؤس واپس پہنچ گئے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کیمپ ڈیوڈ میں قیام (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قلات میں این 25 پر فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ اپنے بیان میں، انہوں نے 5 دہشتگردوں کو جہنم رسید کر کے 23 مغویوں کو بازیاب کرانے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا

بانی کے خاندان کے غیر سیاسی افراد کو حراست میں لینا تشویشناک ہے، اسد قیصر

صوابی (این این آئی) سابق اسپیکر قومی اسمبلی اور پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما اسد قیصر نے علیمہ خان کی گرفتاری (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

لانگ مارچ والے باز نہ آئے تو اچھی طرح سمجھا دیا جائے گا: رانا ثناء اللہ

مہنگائی کی بنیادی وجہ پیٹرول کی قیمت ہے، یہ تاثر غلط ہے کہ حکومت پیٹرول کی قیمت بڑھاتی ہے

کوئی شک نہیں مہنگائی نے ہر شہری کی زندگی کو مشکل بنایا ہے، مشیر وزیراعظم

فیصل آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ لانگ مارچ والے باز نہ آئے تو اچھی طرح سمجھا دیا جائے گا۔ فیصل آباد میں رورل (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے 32 اضلاع میں سات روزہ انسداد پولیو مہم (آج) سے شروع ہو گی

بلوچستان بھر میں 23 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے، انعام الحق

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے 32 اضلاع میں سات روزہ انسداد (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

پچھلی مرتبہ لاشیں اٹھا کر واپس چلے گئے تھے، اس مرتبہ ایسا نہیں ہوگا، جنید اکبر

حکومت سڑکیں بند کرنے اور عوام کی روزمرہ زندگی میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دے گی، عطاء اللہ تارڑ، طلال چوہدری

اسلام آباد کسی سیاسی جماعت کی جاگیر نہیں، طارق فضل چوہدری

مردان/اسلام آباد (این این آئی) صدر پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا جنید اکبر نے لانگ مارچ کے حوالے سے کہا ہے کہ پچھلی مرتبہ ہم لاشیں اٹھا کر واپس چلے گئے (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر خاران منیر سومرو کو مبینہ طور پر اغواء کر لیا گیا

ڈپٹی کمشنر منیر سومرو اور ان کے دونوں محافظوں کے موبائل فون مسلسل بند جا رہے ہیں، پولیس ذرائع

ڈپٹی کمشنر خاران منیر سومرو کو نوشکی خاران روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے مبینہ طور پر اغواء کر لیا

کوئٹہ (این این آئی + عیسیٰ محمد حسنی) ڈپٹی کمشنر خاران منیر سومرو کو مبینہ طور پر اغواء کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اتوار کو ڈپٹی کمشنر خاران منیر سومرو کو نوشکی خاران روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے مبینہ طور پر اغواء کر لیا پولیس ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر خاران منیر سومرو اور ان کے دو (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

سیاسی مسائل کے حل کیلئے ہر فریق کو ایک قدم پیچھے ہٹنا ہو گا، بیرسٹر گوہر

ملاقاتیں ہوتی رہتی ہیں، مذاکرات ہونے چاہئیں، فی الحال ماحول ٹھنڈا ہے اور کوئی بات نہیں بن سکی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریکِ انصاف بیرسٹر گوہر نے (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

ڈھائی، ڈھائی سال حکومت کا فارمولا طے پایا تھا، سرفراز بگٹی کو برقرار رہنا چاہیے، زرک مندوخیل

تبدیلی کے بجائے صوبے میں جاری حکومتی معاملات کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھانا ضروری ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن بلوچستان اسمبلی زرک مندوخیل نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کے درمیان وزارتِ اعلیٰ سمیت (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

لاہور؛ چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مدارس و مساجد اسلام کے علمی، فکری اور تہذیبی قلعے ہیں، مولانا عبدالواسع

جب تک مدارس و مساجد آباد اور علماء اپنے منصب پر موجود ہیں، دین کی تعلیم و ترویج کا چراغ روشن رہے گا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ مدارس و مساجد اسلام کے علمی (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

سیاسی جماعتوں کے احتجاج اور مارچ کی کال، اسلام آباد کے وفاقی اسپتالوں میں ہائی الرٹ

اسلام آباد (این این آئی) سیاسی جماعتوں کے احتجاج اور مارچ کی کال پر وفاقی دارالحکومت کے ہسپتالوں میں ہائی الرٹ (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

صیہونی فورسز کے ہاتھوں شہید فلسطینیوں کی تعداد 74 ہزار ہو گئی

غزہ (این این آئی) غزہ میں اسرائیلی فورسز کی جانب سے نسل کشی کا سلسلہ تاحال جاری ہے اور جنگ کے نتیجے میں شہید (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

علی امین گنڈاپور نے سوشل میڈیا پر اپنے ٹانکوں والی وائرل تصویر کی تصدیق کر دی

پشاور (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے سوشل میڈیا (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں شرکت کیلئے اسحاق ڈار نیویارک چلے گئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے نائب وزیرِ اعظم اور وزیرِ خارجہ اسحاق ڈار اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں شرکت کے لیے اسلام آباد سے نیویارک چلے گئے ہیں، جہاں وہ 21 سے 25 ستمبر تک وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف کے ہمراہ ہوں گے۔ وزارتِ خارجہ کی جانب سے جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا گیا کہ اس اعلیٰ سطحی ہفتے کے دوران نائب وزیرِ اعظم اور وزیرِ خارجہ کا پروگرام وسیع اور مختلف نوعیت کی سرگرمیوں پر مشتمل ہوگا۔

فورسز کی قلات کے قریب کارروائی، 5 دہشتگرد ہلاک، 23 مغوی بازیاب

دہشتگردوں کے ٹھکانے سے 6 ٹرک، 3 بسیں اور 2 کاریں، بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی قبضے میں لے لیا گیا

امن و امان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گی، وزیراعلیٰ

راولپنڈی (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے قلات کے قریب کارروائی میں 5 دہشتگرد ہلاک ہو گئے۔ آئی ایس پی آر (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلات کے قریب پاکستان ہائی وے (چمن۔کراچی، N-25) پر دہشت گردوں (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)



کوہاٹ، سیکورٹی کے اہلکار آپریشن کلین اپ کے دوران ایکشن میں نظر آ رہے ہیں

خاران، دہشت گردوں کا مسافر گاڑی پر آئی ای ڈی حملہ، مزدور زخمی

فتنہ الہندوستان کے حملے کا نشانہ بننے والی گاڑی میں سوار دیگر 9 مزدوروں کو بھی چوٹیں آئیں

کوئٹہ (این این آئی) فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے ضلع خاران کے لجے روڈ پر مسافر گاڑی پر آئی ای ڈی حملہ کر کے ایک مزدور کو زخمی کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

ہرنائی، نامعلوم مسلح افراد نے 5 کوئلہ کانوں کی مشینری نذر آتش

پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر تفتیش شروع کر دی

ہرنائی (این این آئی) ضلع ہرنائی کے کوئلہ مائنز ایریا طالب لیز میں نامعلوم مسلح افراد نے 5 کوئلہ کانوں میں نصب قیمتی مشینری کو آگ لگا کر نذر آتش کر دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے ٹھیکیداران عبدالخالق، (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

گوادر میں مسلح افراد کا ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین کے گھر پر حملہ، اغوا کی کوشش ناکام

کوئٹہ (این این آئی) ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین گوادر ہوت نعمت اللہ کے آبائی (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

یکم جنوری 2006 کے بعد سے رجسٹرڈ
موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشہ چلانے والے خصوصی ریلیف اسکیم کے لیے اہل ہیں

وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم

موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والوں کے لیے
ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں 500 روپے کی رعایت

800 سی سی تک چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کے لیے
ہر دس روز میں 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر رعایت

مجموعی طور پر 30 لیٹر پیٹرول کی رعایتی قیمت پر فراہمی

REG لکھ کر space دیں
STEP 01 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر
3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں
STEP 02 بغیر space نمبر پلیٹ
LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں
STEP 03 صوبے کے نام کا پہلا حرف
جہاں آپ کی گاڑی رجسٹر ہے
صوبہ کا نام پنجاب (P) کے بعد space دیں
STEP 04 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ
بمعہ، مہینہ اور سال DD/MM/YYYY
دن مہینہ اور سال ایسے لکھیں 08102010
چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر
9771 پر مفت ایس ایم ایس کریں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:
STEP 01 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں
STEP 02 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی
STEP 03 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں

صوبے کے نام کا پہلا حرف
(I) اسلام آباد | (P) پنجاب
(K) خیبر پختونخوا | (G) گلگت بلتستان
(S) سندھ | (B) بلوچستان
(A) آزاد جموں و کشمیر

REG 4650191820545
LHR123 P 30082018

مزید معلومات کے لیے
www.pmfuelrelief.pk
وزٹ کریں یا QR اسکین کریں

URAAN PAKISTAN
وزارتِ اطلاعات و نشریات
حکومتِ پاکستان
/GovtofPakistan | @govtofpakistan | @GovtofPakistan | @govtofpak | www.moib.gov.pk
PID(I) 2696/26

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

رپورٹ: شاہ محمد شان- لاہور، پاکستان

سالانہ نعتیہ مشاعرہ بیادِ مقصود عامر (مرحوم)

لاہور:
ماہِ ربیع الاول کے بابرکت موقع پر ادبی تنظیم کردار لاہور پاکستان کے زیرِ اہتمام سالانہ نعتیہ مشاعرہ بیادِ مقصود عامر (مرحوم) 6 ستمبر کو فیروز پور روڈ، پلاک ادبی بیٹھک لاہور میں منعقد ہوا۔

محفل میں عاشقانِ رسول ﷺ کے ساتھ شہر کے معروف شعرائے کرام نے بھی شرکت کی اور اپنے اپنے انداز میں بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں نعتیہ کلام پیش کیا۔ مشاعرے کا ماحول عقیدت و محبت سے بھرپور رہا اور شرکائے محفل نے شعرائے کرام کو بھرپور داد دی۔

تقریب کی صدارت معروف ادیب و شاعر احمد سبحانی آکاش نے کی، جبکہ نوید مرزا، نواب ناظم، حسنین اختر اور آصف نقوی مہمانانِ خصوصی کے طور پر شریک ہوئے۔

مشاعرے میں جن شعرائے کرام نے نعتیہ کلام پیش کیا، ان میں رضا عباس رضا، شوکت علی ناز، اسد اللہ خان، فیصل زمان چشتی، محمد افضل ساجد، ولایت احمد فاروقی، انیل ارشاد خان، فوزیہ حسین، گلناز گل، معظم علی خان، نعیم عباس ساجد، توقیر عباس، ملک سکندر خان، مشتاق قمر، رانا اسد علی، عبدالحمید، اختر علی پھول، غلام رسول درویش، رئیس مبین، عبدالرحمن حیات (ڈسکہ)، طاہر شاہجہانی، زیشان حیدر جعفری، حافظ انیس اعوان اور عبداللہ ایزد شامل تھے۔

تمام شعرائے کرام کو تنظیم کی جانب سے تحائف بھی پیش کیے گئے۔ اس موقع پر دیگر ادبی شخصیات اور احباب نے بھی شرکت کی اور شعرائے کرام کی حوصلہ افزائی کی۔

محفل کی نظامت کے فرائض قاسم مقصود نے انجام دیے۔ انہوں نے اپنی خوبصورت اور شگفتہ نظامت سے مشاعرے کو نہ صرف منظم رکھا بلکہ محفل کی رونق بھی برقرار رکھی۔

آخر میں درود و سلام پیش کیا گیا اور ملک و قوم کی سلامتی کے لیے دعا کی گئی۔ بانیِ ادبی تنظیم کردار و ادراک اور استاد شاعر مقصود عامر (مرحوم) کے ایصالِ ثواب کے لیے بھی رقت آمیز دعا کی گئی، جس کے ساتھ یہ خوبصورت محفل اختتام پذیر ہوئی۔

سعودی عرب کی سلامتی کیلئے ہمارا عزم غیر مشروط ہے

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ افغان طالبان رجیم سے ایک ہی ٹھوس مطالبہ ہے کہ وہ افغان سرزمین سے پاکستان میں دہشت گردی روکے، افغانستان سے پاکستان آنے والی ہر تشکیل میں افغان شہری ہوتے ہیں، 80 فیصد خودکش بمبار افغان ہیں، پاکستان حرمین شریفین اور سعودی عرب کی حفاظت کیلئے کسی بھی حد تک جانے کیلئے تیار ہے، سعودی عرب کی سلامتی کیلئے ہمارا عزم غیر مشروط ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے عرب میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان عملی طور پر سعودی عرب کی مدد کیلئے وہاں موجود ہے، ہم سفارتی لحاظ سے بھی ساتھ کھڑے ہیں۔ پاکستان حرمین شریفین اور سعودی عرب کی حفاظت کیلئے کسی بھی حد تک جانے کیلئے تیار ہے، سعودی عرب کی سلامتی کیلئے ہمارا عزم غیر مشروط ہے، یہ عزم ایک جذباتی، دیرینہ، تاریخی اور اٹوٹ رشتے سے جڑا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کسی کو شک وشبہ نہیں ہونا چاہیے پاکستانی عوام سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، ہم سعودی عرب کیخلاف ہونے والی کسی بھی جارحیت کا دفاع کرنے کیلئے تیار ہیں، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اور اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے موجود ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ ان معاہدوں کے تحت وعدوں اور عزم کی پاسداری کی جارہی ہے، پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت مسلسل سعودی قیادت سے رابطے میں ہے۔ اسلام آباد ایم او یو پاکستان کی مسلسل، انتھک اور انتہائی پرخلوص سفارتکاری کے بعد طے پائی، افغان طالبان رجیم سے ایک ہی ٹھوس مطالبہ ہے وہ افغان سرزمین سے پاکستان میں دہشتگردی کو روکے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا افغانستان سے پاکستان آنے والی ہر تشکیل میں افغان شہری موجود ہوتے ہیں، 80 فیصد کے قریب خودکش بمبار افغان ہیں، افغان طالبان رجیم دوحہ معاہدے کے تحت وعدوں پر عملدرآمد نہیں کرتی تو پاکستان کو اپنے دفاع کا مکمل حق حاصل ہے۔

آنکھوں میں سوغات

شاعری پروفیسر رشید حسرت۔ قلم کارسفر ندیم زھری

جب بھی کسی اجنبی شخص کے سامنے حاظرانہ یا غائبانہ طور پر بلوچستان کا نام لیا جائے تو اس کی آنکھوں میں وادی بولان زیارت کے خوبصورت دلکش مناظر بلند بالا سنگلاخ پہاڑی چوٹیاں بنجر بھوک افلاس خون آلود فضا قتل وحشت بارود کی بدبو نفرت لسانی زبانیت کی منظر کشی کو ذہن دماغ آنکھوں میں بسا کر سہم جاتا ہے

اور یہ وہ منظر کشی ہیں جن کے گرداب میں حقیقی طور پر آجکل بلوچستان گھیرا ہوا ہے

اور اللہ تعالیٰ کے حضور اس بدامنی کی ماحول میں اہلیان بلوچستان بہت جلد امن کے کبوتر فاختہ تتلی اڑتے ہوئے دیکھنے کا آس لگائے بیٹھے ہیں

بلوچستان ہماری مادری وطن سرزمین شہہ رگ کی حیثیت رکھتی ہے ہمارے آباؤ اجداد اسی مٹی کے آغوش میں پیدا ہوئے بڑے ہوئے اور اسی سوہنی خوشبودار مٹی کے آغوش میں سپرد خاک ہوئے اور ایک نا ایک دن ہم بھی اس وطن کی ماں کی آغوش میں تا قیامت گہری نیند سو کر درد وغم رنج الم بدبودار ازہانوں سے پرسکون ماحول میں ابدی نیند کا مزہ لیتے رہیں گے

اس مٹی کی کرامت یہ ہیکہ یہاں کے لالہ گل کے گواڑخ کے پھول خون اور باران رحمت کا مشترکہ پانی پی کر ہفت رنگی قوس قزاح بلسمی رنگ میں اپنی آنکھیں کونپلیں کھولتی ہیں

اور ہمیں احساس دلاتے ہیں کہ اس سرزمین نے کئی بھوک افلاس کیساتھ ساتھ سکندر اعظم جیسے جنرل ڈائر جیسے انقلابی خونی ادوار کے چھینٹے اپنے ماتھے پر در و دیوار پر سڑکوں پر نقش چھوڑے ہیں

اور اس مٹی کی خوشبو میں اردو براھوئی بلوچی پشتو ہزارگی سرائیکی سندھی زبان کی ادبی خدمات کو نچوڑا جائے تو کسی غالب میر سے کم ادبی خدمات شخصیات کے حوالے سے بلوچستان کی سرزمین کسی سے کم شاعر پیدا نہیں کیا ہوگا بلکہ اس نے گل خان اذات جمالدینی گل خان نصیر عطا شاد۔ ملک داد قلاتی عرفان الحق صائم پروفیسر رشید حسرت جیسے بیشمار ادیب دانشور اپنی کوک سے جنم دے چکی ہے

اردو کے موجودہ بلوچستانی شعرائے کرام میں پروفیسر رشید حسرت کی شاعری ایک الگ امتزاج کی حیثیت رکھتی ہے

پروفیسر رشید حسرت سے میری پہلی ملاقات بزم وارثیہ جیکب آباد سندھ کے سالانہ محفل نعتیہ مشاعرے میں ہوا اور متعارف ہونے کیبعد انکی شخصیت علمی وادبی حوالے سے پہلے سے جانکاری بلوچستانی ہونے کی حیثیت سے تو تھا مگر ان سے ملاقات کیبعد گفت شنید سے علم وادب شعر شاعری زبان سے نکلنے والا ہر حرف برزبان بلوچستانی ثقافت بلوچستانی مٹی کی خوشبو لالہ گل گواڑخ کے پھولوں کی طرح دل دماغ کو کب شیریں مدہم لہجے کی طرز انداز میں اپنی شخصیت علمی وادب شاعری کی حصار میں پلویڑ گھانٹ لگانے میں کوئی کسر نہ چھوڑا

پروفیسر رشید حسرت بلوچستان کے نصیر آباد ڈویژن درہ بولان کے سنگم پر 16 جون 1962 کو ضلع کچھی کے شہر (مٹھڑی) میں پیدا ہوئے جو کہ انکا آبائی علاقہ ہے اور مٹھڑی شہر بلوچستان کا نامور قبیلہ ریئساڑی قبیلے کا دوسرا گھر مسکن گاہ کی حیثیت رکھتا ہے اور پروفیسر رشید حسرت کا تعلق بھی اسی ریئساڑی قبیلے سے ہے

وہ ایک ملنسار دور اندیش سادہ طبعیت عاجزانہ صفات کے پیکر کے مالک ہیں

میٹرک کیبعد وہ سرکاری طور پر کلرک کی حیثیت سے ملازمت کرتے رہے پھر استعفی دیکر سول سیکرٹریٹ میں بطور پہلے اسٹینوگرافر بھرتی ہوئے اور 1995 میں ایم اے اردو کی ڈگری لینے کے بعد پروفیسر لیکچرار کی حیثیت سے مختلف کالجز میں اردو درس تدریس دیتے رہے اور 27 سال بعد بطور لیکچرار ایسوی ایٹ پروفیسر کی حیثیت سے اپنے عہدے سے سبکدوش ہوئے

بطور اردو براھوئی زبان میں اپنی شاعری کا آغاز 1981 سے شروع کیا

اور بلوچستان کے علمی وادبی حوالے سے ایک معتبر شاعر کی حیثیت سے پہچانے جاتے ہیں اور انکی صفت درویشی عاجزی نے انھیں دیگر ٹھاٹ بھاٹ شعرائے سے اس لیے بھی معتبر نمایاں کردیتی ہے کہ۔ شاعر ہمیشہ عاجزی کی صفت میں صحبت میں پلے بڑھے ہوتے ہیں اور بلوچستان میں عاجزانہ علم وادب کے محور ستاروں کو اہلیان بلوچستان کے عوام بہت پسند کرتے ہیں اور یہی صفت درویشانہ خاکسارانہ۔ دھیمے لہجے کے مالک پروفیسر رشید حسرت کے ساتھ شاعری کے علاوہ خدائیداد صلاحیتوں کا خزانہ موجود ہے

پروفیسر رشید حسرت کی شاعری علمی وادبی خدمات پر اور بلوچستان میں اردو ادب کو فروغ دینے اور ہم۔ جیسے نو آموز شعرائے کرام طالعلموں کی رہنمائی اصلاح کے ساتھ الفاظ کے صوتی معنوی کیساتھ ساتھ علم۔ عروض کے اوصاف صنعتیں سمجھانے اس حوالے سے فری فیس ہمہ تن خدمات قابل تحسین خراج عقیدت اور مبارکباد کے مستحق ہیں

اور بلوچستان میں اردو ادب کے حوالے سے انکی شاعری میں بلوچستانی تہذیب تمدن ثقافت مہرگڑھ کی تاریخ بلوچی براھوئی پشتو ہزارگی زبانوں کی ابتدائی مراحل اور فارسی زبان کی آمیزش کی شراکت داری کو بھی محسوس کیا جاسکتا ہے



انکی شاعری محض جذباتی اظہار یا جمالیاتی درو شم شکل میں نہیں بلکہ ایک محقق تحقیق بلکہ زبان کی مٹھاس شعور فکر کا مربوط نظام کی حیثیت سے فکری سنجیدگی بلوغت علم وادب مشاہدات کو اس قریب سے پرکھنے کے برابر قلم۔ کاغذ صفحہ قرطاس پر مبنی شاعری کا خوبصورت جامہ پہنانے کا فن ہنر انکی شاعری عام عوام الناس تک کی درد وغم تکلیف کسمپرسی بدحالی معاشرے کے اندر طبقاتی جنگ تصادم کشت وخون کو اپنی آنکھوں سے دیکھ کر اور محسوس کر کے دل کی جذبات محرومیوں کو بشکل شاعر اپنی شاعری کی صورت عکس میں لانے والا شاعر کی منصب مراج پر زندہ شاعر کی حیثیت رکھتے ہیں

غیر ضروری ابہام تصنع سطحی جذبات سے پاک شاعری کے اوصاف انکی تمام مجموعات کلام میں دکھائی دیتے ہیں

ان کی شاعری کی انداز بیان میر غالب نہیں سہی مگر ان سے کسی صورت کم نہیں پروفیسر رشید حسرت کے لہجے میں ندرت دلی کیفیت کی سرور احساس تازگی اور اظہار میں ایک تاثیر پیدا کردہ بانکپن پایا جاتا ہے۔ وہ جب بھی مشاعروں میں اپنا کلام سناتے ہیں چیخ چکار گلا پھاڑ شاعروں سے ہٹ کر اپنی عاجزانہ منفرد انداز دھیمے لہجے میں سنانے کا انداز اسے دیگر شعرائے سے الگ بردبار شعرائے کی صف میں شامل کرانے اور قد آور شخصیات میں شمار کراتی ہے

اگر شاعر اور شاعری کی بات کی جائے تو شاعر کے الفاظ کسی ریاستی سرحد زمین پر لگے سنگلاخ نوکیلی کانٹے دار باڑ سرحدوں کی محتاج نہیں ہوتیں بلکہ کسی بھی شاعر کے تخیل غزل ان سرحدی بندشوں کو بنا ویزے کے سیز فائر کے دوسرے ملک تک آنے جانے کا مسلسل ازل سے رہی ہے

اگر ادب میں عشق محبت امن رواداری کی خلوص سچائی کے تتلی کبوتر فاختہ اڑتے دکھائی دیں تو یہ کبھی مٹھڑی سے پیار محبت کی لازوال محل تاج محل کی چوباروں کی سیر کرتے دکھائی دیتے ہیں اور کبھی ہندستان کی لکھنوی کاغذ دہلوی کاغذ کے سینوں پر بڑے پیار محبت سے سرخ خوبصورت حاشیوں تک مثل خوشبو اپنی خوشبو کے نقش چھوڑ دیتے ہیں

اور کبھی کبھار مہرگڑھ کی نوادرات تہذیب ثقافت رہن سہن وطن کی مٹی کو سرحد پار محسوس کروا کر دہلی کے گیٹ پر ایک تاریخ کو زندہ کرانے کی فن مہارت بھی پروفیسر رشید حسرت بخوبی جانتے ہیں اور وہاں تک اپنا علمی ادبی حوالے سے چراغ روشن کرتے اجنبی دیس کے لوگوں کو کبھی اجمیر شریف تو کبھی حاجی بابا اور کبھی بنارسی گلیوں میں اخبار جریدوں میں شعرائے کرام نے اپنی ہاتھوں میں لیے اسے پڑھا ہے اور اسے محسوس کیا ہے کہ غالب میر کی زبان دکن لکھنؤ سے بلوچستان کے شہر مٹھڑی تک کیسے پہوچ گئی ہوگی

پروفیسر رشید حسرت کی شاعری میں وہ تمام تر لوازمات اوزان شاعری میں خوبصورتی سے خوبصورت انداز میں شامل جڑے ہیں جو کہ شاعری کیلیے ضروری ہیں

ہمیں تو ظلم سہنے کے لیے بھیجا گیا شاید
جہاں تک دیکھ سکتے ہیں غریبی ہے مصیبت ہے۔
یہ وہ بازار ہے ہر چیز بکتی ہے یہاں آ کر
یہاں پر عدل بکتا ہے کہ رقاصہ عدالت ہے

پروفیسر رشید حسرت کی شاعری میں ایک درد ایک پیغام چھپی ہوئی ہوتی ہے جو ایک فرد ایک شخص کی آواز لب دل سخن نہیں بلکہ ہم سب کی محرومیوں کا دکھ سسکتی ہوئی آواز جس پر ناانصافی کا گلے پر گویا قدم رکھا گیا ہو اس کیباوجود بھی وہ مظلومیت کی تاریخ لکھنے کے لیے سسک سسک کر لفظ تراشنے کی ہمت جتن حوصلہ ڈھونڈنے میں مگن رہنا ہے

وہ محض بلوچستان میں اردو کے شاعر نہیں بلکہ۔ جہاں تک انکی سوچ وگمان نظر میں انسان انسانیت نظر آتی ہے پروفیسر رشید حسرت ایک انسان ایک طبقے کے نہیں بلکہ انسانیت کی جذبات کی قدردانی والے شاعر ہیں

زلفوں میں تیری پائے ہیں خم اور طرح کے
آنکھوں میں اتر آئے ہیں خم اور طرح کے

اگر جمالیاتی شاعری کی پہلو کی بات کی جائے تو رشید حسرت ویسے بھی عاجز درویش طبعیت کے مالک تو ہیں وہ اس مٹی کے ہر ذرے کی خوشبو کشید کرنے کا ہنر بھی رکھتے ہیں

درہ وادی بولان کی بہتی ندی پیر غائب کی آبشاروں کی ٹھنڈی لہراتی سرسبز چمنستان کے آنگن میں بیٹھ کر ہاتل کی لوک داستان تشنہ لب آب گم میں پانی کی تلاش میں منظر کشی دوپاسی تیار غازی کے دربار پر منت کے دھاگے باندھ کر جمالیاتی اشعار کو کشف رقص میں وجد دلا کر لفظوں کی تخیل کرنا کوئی ان سے سیکھے

لفظوں کو بناوٹ سجاوٹ سنورنا بھی ہر کسی کے بس کی بات نہیں ہے

انکے اشعار میں عشق محبت درد غم جدائی نالہ بلبل فریاد محبوب کی بے وفائی بیرخی مہر ومحبت خلوص وفاداری ہمسفر ہمنشین بن کر چلنے کیساتھ ساتھ سماجی حالات بھی تہہ دل سے تہہ حالات گویا پہاڑوں میں رہنے والے مفلوج الحال زندگی کے مالک خانہ بدوشوں کی حالات زندگی پر بھی ان کی ترجمانی اشعار میں نظر آتی ہے

کیونکہ ایک شاعر اپنی سوچ وفکر سے مکمل سرزمین ایک ہمہ تن تمام طبقات کو اپنی مشاہدات میں لا کر انکی نمائندگی بشکل شعر شاعری اشعار کے کرتا دکھائی دیتا ہے

اللہ کرے کہ بلوچستان میں اردو ادب کو مزید رشید حسرت جیسے اعلی پایہ کے عاجز درویش خلوص نیت سے نوجوانوں کو ادب کی جانب رہنمائی علم عروض اصلاح کرنے کی بنا معاوضہ شعرا میسر کردے جو کہ اس ضعیفی میں بھی بلوچستان کے ہم جیسے سینکڑوں نو آموز شعراء نوجوانوں کے علاوہ پنجاب سندھ خیبر پختونخوا کے علاوہ پڑوسی ملک ہندستان کے شاعر شاعرہ بھی اپنی کلام موزوں کلام علم عروض کی سانچے میں ڈھالنے کیلیے پروفیسر رشید حسرت سے اصلاح لیتے ہیں

اور انشاللہ تعالیٰ انکی محنتوں کاوشوں سے بلوچستان میں ایک معتبر مدبر درویش شاعر انہی کی شاگردوں سے انھیں کی طرح مثل افق نمودار ہوگا۔

اور پروفیسر رشید حسرت کی طرح بچپن سے علم وادب کی میدان میں قدم رکھنے سے پہلے متکبری کا چادر پھینک کر عاجزی کا پلو دامن تھاما ہوا ہے اللہ کرے گا ہمیں اسی طرح کا ایک اور رشید حسرت کی ضرورت ہے اور ہماری حسرت کو پوری کردی

اور پروفیسر رشید حسرت کی درازی عمر صحت تندرستی کے لیے ہم سب دعا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کا سایہ ہم پر دیر تک قائم دائم رکھے اور اس عاجز شاعر کی شاعری شہر کوئٹہ کی گلیوں میں سریاب کی گلیوں میں ہزارہ ٹاؤن میں محفل مشاعروں میں اردو ادب کو فروغ پاتے ہوئے دیکھیں۔

شاعر کا جنازہ!

علی اصغر عباس

سوشل میڈیا پر دھوم مچائے رکھنے والے شاعر بشیر بدر پرسوں بھوپال (بھارت کا شہر) میں انتقال کر گئے ان کی وفات کی خبر نے ایک بار پھر سوشل میڈیا پر ہنگامہ برپا کر دیا۔ اپنی مشہوری کے خواہاں موقع پرست لوگوں نے موقع غنیمت جانا اور ان کے اشعار ڈھونڈ ڈھونڈ کر اپنی والز پر چسپاں کئے اور خوب likesبٹورے۔ سستی شہرت اسے ہی کہتے ہیں کہ اپنے پلے کچھ بھی نہ ہو تب بھی اپنی چالاکی اور ہنرمندی سے مشہور آدمی کا بے روح جسد خاکی بیچ کر ڈالر کھرے کرو۔ بے بسی لاچارگی میں سسک سسک کر زیست کرنے والے کو سانس چلتے رہنے تک پوچھو نہیں اور جونہی اس کے سانسوں کی ڈوری ٹوٹے فوراً آگے بڑھ کر سوشل میڈیا پر اپنی اپنی وال اس کی ماتمی "پھوہڑی" بنا کر نام نہاد سوگواران کو جمع کر کے رنگ بازی کا طوفان بپا کردو۔

خبریں ہیں کہ بشیر بدر کے جنازے میں شرکت کرنے والے گنتی کے افراد بمشکل تمام بیس تھے۔ ان میں سے بھی آدھے ان کے وہ محلے دار تھے جنہیں معلوم ہی نہیں تھا کہ ان کے پڑوس میں مرنے والا کون تھا۔ وہ تو محض انسانی ہمدردی کے تحت محلے داری کا قرض چکانے آگئے تھے اس خبر سے مجھے اسی شہر لاہور میں جسے پوری دنیا میں اردو ادب کا مرکز مانا جاتا ہے، مرنے والے کچھ بڑے نامور ادیبوں شاعروں کے جنازے یاد آگئے۔ اسلم کولسری صاحب کے ذاتی حالات اور جنازے کی صورتحال بشیر بدر مرحوم کے ساتھ بہت مماثلت رکھتی ہے۔ اسلم کولسری نہ صرف عمدہ شاعر اور بہترین براڈکاسٹر تھے بلکہ ان کی گفتگو اور ترنم بھی کمال کا تھا۔ اپنی شخصیت کے حوالے سے وہ بہت اعلی درجے کے نہایت پیارے انسان تھے۔ شوبز کے شعبے سے وابستہ ہونے کے باوجود اپنی درویش طبع کے باعث ردائے بے نیازی اوڑھے مست الست رہتے تھے۔ بڑے بڑے نامور بارسوخ لوگوں کے فن شاعری کے استاد ہوتے ہوئے بھی راز داری ان کا شریفانہ طور تھا جس کا بہت سے لوگوں نے بھرپور فائدہ اٹھایا۔ یادِش بخیر اسی لاہور میں ماضی کے ایک درویش شاعر ساغر صدیقی کا انتقال ہوا تو واقفانِ حال نے کہا تھا کہ ساغر کے مرتے ہی بہت سے متشاعر بھی فوت ہو گئے تھے اسی طرح کا معاملہ اسلم کولسری کے ساتھ تھا۔ کئی نامی گرامی بیوروکریٹ ان سے "اصلاح" کے نام پر اوٹ پٹانگ غزلوں کو ادبی شاہکار بنوا کر مارکیٹ میں دام کھرے کرتے جبکہ اسلم کولسری صاحب درویشانہ ترنگ میں کسی کو کچھ نہیں کہتے تھے۔ آخری عمر میں روزنامہ "دنیا" میں محترم فیض بخش کے ساتھ ادارتی شعبے سے وابستہ رہے اور یہیں سے وہ بیمار ہو کر گھر تک محدود ہو کر رہ گئے اس دوران نہ اخبار والوں نے پوچھا نہ حلقہ احباب میں سے کسی نے ان کی خیریت دریافت کی اور جس روز دنیا سے سدھارے تو اڑوس پڑوس میں سے کسی کو پتہ تک نہیں تھا کہ ان کی گلی کے کونے میں چھوٹے سے گھر میں رہنے والا چپ چاپ سا وہ شخص کون تھا۔ مجھ سمیت ان کے گھر سے چند قدم ساتھ چل کر باہر پٹرول پمپ تک آنے والے ہم دس پندرہ لوگوں نے ان کی نمازِ جنازہ پڑھ کر میت اوکاڑہ روانہ کی اور بس۔ اور بہادر شاہ ظفر کا یہ شعر گنگناتے ہوئے کف افسوس ملنے پر مجبور تھے!

ہوئے مر کے ہم جو رسوا ہوئے کیوں نہ غرق دریا
نہ کہیں جنازہ اٹھتا نہ کہیں مزار ہوتا

اسی طرح روحی کنجاہی مرحوم کے ساتھ ہوا۔ ان کا یہ مصرع پوری معنویت کے ساتھ سامنے آیا "حالانکہ اس سے فرق تو پڑتا نہیں کوئی" کہ جب روحی کنجاہی بھی کسمپرسی کی زندگی گزار کر فوت ہوئے تو پیارے صاحب ناصر بشیر کی کاوشوں سے ان کے جنازے میں شرکت کے لئے آنے والے گنتی کے لوگ تھے۔ اپنی وضع کے منفرد شاعر زاہد ڈار کی وفات پر بھی گنتی کے افراد موجود تھے۔ سب سے مایوس کن حاضری ملک کے معروف ناول نگار عبداللہ حسین کے جنازے پر تھی جس میں مبینہ طور پر کرائے کے مزدور بلا کر جنازہ قبر تک پہنچایا گیا کہ ان کے واحد سوگوار دوست مستنصر حسین تارڑ بوڑھے تھے اور کسی کو سہارا دینے سے قاصر تھے۔ ملک کی معروف شاعرہ فہمیدہ ریاض بھی لاہور میں ہی کسی ملنے والے کے یہاں مختصر قیام کے دوران فوت ہوئیں تو کسی کو ان کے جنازے کی خبر تک نہ ملی اور انہیں گنتی کے چند لوگوں نے دفنایا۔ در اصل دستور زمانہ ہے کہ سماجی مرتبہ اور مقام ہی لوگوں کے جنازے چھوٹے، بڑے کرنے کا سبب بنتے ہیں۔ پنجابی زبان کے ایک شاعر تھے حسین شاد۔ خود تو کسی صوبائی محکمے میں معمولی اہلکار تھے مگر ان کا لائق فائق بیٹا مقابلے کا امتحان پاس کر کے سول سیکرٹریٹ میں اعلیٰ عہدے پر لگ گیا۔ ان کے جنازے میں شرکا کی تعداد سینکڑوں میں تھی۔ اشفاق احمد مرحوم یا احمد ندیم قاسمی جیسے بڑے لوگوں کے جنازے اس لئے بھی بڑے تھے کہ ان میں شریک ہونے والے لوگوں کی اکثریت نے جنازے میں شریک معروف علمی ادبی شخصیات کے ساتھ تصویریں بنوا کر اپنا پروفائل بنانا تھا۔ آج بھی لاہور شہر میں کچھ اہم شاعر و ادیب سماجی مقام و مرتبہ نہ ہونے کے باعث نظر انداز ہوئے گوشہ تنہائی میں بیٹھے ہیں انہیں پوچھنے والا کوئی نہیں۔ برادرم ناصر بشیر واحد معروف شاعر ہیں جو نہ صرف خود ایسے گم گشتہ لوگوں کی خبر گیری کرتے رہتے ہیں اور عطا الحق قاسمی و مجیب الرحمٰن شامی جیسی دردِ دل رکھنے والی بڑی شخصیات کے ساتھ اپنے قریبی تعلقات سے ان کی دستگیری کا سامان کرتے رہتے ہیں۔ ان کے علاوہ محترم حسین مجروح اور عامر فراز بھی خدائی خدمت گار کے طور پر معروف ہیں اللہ تعالیٰ ان جیسے دردِ دل رکھنے والے حضرات کو شاد و آباد رکھے۔ بشیر بدر جیسے معروف شعرا کا انجام دل دہلا دینے والا بھی اور اس میں عقل والوں کے لئے بہت سی نشانیاں ہیں اور ایک نشانی کے طور پر یاد آ رہے ہیں محترم المقام سید سلمان گیلانی علیہ رحمہ۔ اپنی بذلہ سنجی اور شگفتگی کے باعث عامتہ الناس میں مزاحیہ شاعر کے طور پر جانے جاتے تھے مگر ان کا اصل میدان نعت گوئی تھا جو انہیں اپنے والد حضرت سید امین گیلانی رحمتہ اللہ سے ودیعت ہوا تھا۔ دونوں باپ بیٹا مجاہدین ختم نبوت تھے اور اسی نسبت نے انہیں قبول عام کے درجے پر فائز کر رکھا تھا۔ سلمان گیلانی واصل حق ہوئے تو ان کا جنازہ ایک شاعر سے زیادہ مجاہد ختم نبوت اور عاشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جنازہ تھا جس میں محبانِ رسولؐ جوق در جوق حاضری کی سعادت حاصل کرنے کیل ئے تشریف لائے تھے۔ کیا ہمارے شعرا کرام بشیر بدر جیسے شاعروں کے سفر آخرت کی حالت زار پر افسردہ و آزردہ خاطر ہوئے ان کے اسباب و عوامل پر غور کی زحمت فرمائیں گے۔ فاعتبرو یا اولی الابصار

☆☆☆☆

بقیہ 1

حملے کی مبینہ کوشش کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مکہ مکرمہ جیسے مقدس ترین شہر کو نشانہ بنانے کی کوشش صرف سعودی عرب پر حملہ نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ کے دل پر حملہ اور مسلمانوں کے جذبات سے کھلی دشمنی کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ وہ مقدس شہر ہے، جس کی طرف دنیا بھر کے مسلمان نماز کے لیے رخ کرتے ہیں، جہاں خانہ کعبہ موجود ہے اور جہاں حرمِ پاک کی حرمت ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے۔ اس مقدس سرزمین کی طرف اٹھنے والا کوئی بھی جارحانہ قدم پوری امت کے لیے ناقابلِ برداشت ہے۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ حرمین شریفین کی حرمت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا۔ جو عناصر مقدس مقامات کو اپنی جنگ، سیاست یا انتقام کا میدان بنانے کی کوشش کرتے ہیں، انہیں سمجھ لینا چاہیے کہ مکہ مکرمہ کوئی عام مقام نہیں، بلکہ پوری امت مسلمہ کے ایمان اور عقیدے کا مرکز ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کے مقدس ترین شہر کو نشانہ بنانے کی کوشش ایک انتہائی سنگین اور ناقابلِ معافی جرم ہے۔ ہم اس شرمناک اور اشتعال انگیز اقدام کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ اس کے ذمہ داروں کے خلاف قانون اور بین الاقوامی اصولوں کے مطابق مؤثر اور سخت کارروائی کی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی سلامتی پوری امت مسلمہ کے لیے ریڈ لائن ہے

بقیہ 2

بھر سے تقریباً ساڑھے 9 ہزار طلبہ وطالبات کے ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کا شفاف اور بہترین انداز میں انعقاد پوری ٹیم کی محنت کا ثبوت ہے، جس پر متعلقہ حکام مبارکباد کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امتحان کا شفاف اور میرٹ پر انعقاد حکومت کی اولین ترجیح ہے اور امیدواروں کو سازگار ماحول کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام امیدواروں کو بلاخوف ودباؤ اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی گئی۔ صوبائی وزیر نے امتحانی عمل کو کامیاب بنانے میں تعاون کرنے والے تمام متعلقہ اداروں اور انتظامی افسران کی کاوشوں کو بھی سراہا۔ اس موقع پر وائس چانسلر بیوٹمز پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ، وائس چانسلر BMUHS ڈاکٹر شبیر لہڑی اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ 3

فوکل پرسن ڈاکٹر احمد علی شیخ، روٹری ڈسٹرکٹ 3271 کے ڈسٹرکٹ گورنر شہزاد صابر اور ڈسٹرکٹ گورنر الیکٹ فہد سکندر نے ستمبر کے خصوصی انسدادِ پولیو حفاظتی دنوں کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ تقریب میں روٹری کلب آف کراچی کے صدر ہمایوں قریشی اور متعدد روٹیرینز نے بھی شرکت کی۔ خصوصی انسدادِ پولیو حفاظتی دنوں کی مہم 21 سے 27 ستمبر 2026 تک جاری رہے گی، جس کے دوران ملک کے 115 ہائی رسک اضلاع میں 3 کروڑ 10 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ مہم بلوچستان، گلگت بلتستان، اسلام آباد، خیبر پختونخوا، پنجاب اور سندھ کے مختلف علاقوں میں چلائی جائے گی اور پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو اس کا ہدف بنایا جائے گا۔ رواں سال کے آغاز سے اب تک ملک بھر میں بڑے پیمانے پر انسدادِ پولیو کی تین مہمات کامیابی سے مکمل کی جاچکی ہیں، جن کے دوران 4 کروڑ 50 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین پلائی گئی۔ بعض ہائی رسک علاقوں میں بچوں کی قوتِ مدافعت مزید مستحکم کرنے کے لیے منہ کے ذریعے دی جانے والی پولیو ویکسین (OPV) کے ساتھ فریکشنل انجیکٹ ایبل پولیو ویکسین (انجیکشن کے ذریعے دی جانے والی پولیو ویکسین کی جزوی خوراک) بھی دی گئی، بالخصوص کمزور اور غذائی قلت کا شکار بچوں کو، جو پولیو وائرس کا جلد شکار ہوسکتے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے عزیز میمن نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ والدین اور بچوں کی دیکھ بھال کرنے والے افراد کا اہم کردار ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ بچوں کو تجویز کردہ تمام ویکسینز، بشمول معمول کی حفاظتی ویکسینیشن، مقررہ شیڈول کے مطابق دی جائیں

بقیہ 4

کردیا کہ اب صرف کھوکھلے نعروں، احتجاجی کالز اور سیاسی ڈراموں سے عوام کو گمراہ نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ بارڈر ٹریڈ کے معاملے پر حکومت بخوبی آگاہ ہے۔ آئی جی ایف سی کی جانب سے پہلے ہی واضح کیا جاچکا ہے کہ جالگی بارڈر کھولنے کے لیے اقدامات جاری ہیں تاہم ایرانی حکام کے بعض تحفظات موجود ہیں جنہیں دونوں جانب کے حکام باہمی رابطے اور مذاکرات کے ذریعے جلد حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ مینا مجید بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی نے اسی صورتحال کو سیاسی طور پر اپنے نام کرنے کی کوشش کی اور یہ تاثر دیا کہ بیس ستمبر کو وہ بارڈر کھلوانے کے لیے عوامی طاقت کا مظاہرہ کرکے انتظامیہ کو بلیک میل کریں گے۔ تاہم بارڈر سے وابستہ لوگوں نے اس سیاست کو سمجھتے ہوئے اس کال کا ساتھ نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری طبقہ اور بارڈر سے منسلک افراد نیشنل پارٹی کے سیاسی منافقت سے واقف ہیں اور انہیں معلوم ہے کہ عوامی مسائل کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا نیشنل پارٹی کا پرانا وطیرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بارڈر کھولنے کے لیے پہلے سے عملی پیش رفت جاری ہے۔ جیرک بارڈر کیلئے ہر ہفتے ٹیچ کی نوبت لسٹیں جاری کی جارہی ہیں جبکہ جالگی بارڈر کے معاملے پر دونوں جانب کی سرکاری انتظامیہ کے درمیان باقاعدہ اجلاس اور رابطے جاری ہیں۔ ایسے میں عوام کو سڑکوں پر لاکر سیاسی کریڈٹ لینے کی کوشش مسئلے کا حل نہیں بلکہ کھلی منافقت ہے۔

بقیہ 5

کہ صحافیوں کو حق و سچ کی آواز بلند کرنے پر نشانہ بنانا ناقابلِ قبول ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حملے میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کرکے قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ صحافیوں کا کہنا تھا کہ صحافی برادری اپنے ساتھی صحافیوں کے ساتھ کھڑی ہے اور صحافیوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ مظاہرین نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ نصیر احمد کاکڑ پر حملے کے ذمہ دار عناصر کو جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔

بقیہ 6

پر دونوں شخصیات نے مال ہولڈرز کو الاٹمنٹ آرڈرز بھی حوالے کیے۔ رپورٹ کے مطابق فش آکشن ہال اور مال ہولڈنگ سیکشن طویل عرصے سے غیر فعال تھے۔ جی ڈی اے کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمن خان کی ہدایات پر اب انہیں فعال کردیا گیا ہے، اس کے ساتھ ساتھ مچھلی کی باقاعدہ نیلامی کا نظام بھی شروع کیا جارہا ہے۔ اس اقدام کا مقصد سربندر کے ماہی گیروں کو بہتر سہولیات فراہم کرنا، مچھلی کی خرید وفروخت کو منظم کرنا اور ماہی گیری کے شعبے کو مزید فروغ دینا ہے۔

بقیہ 7

کی نومنتخب کابینہ کا بلا مقابلہ انتخاب صحافتی برادری کے باہمی اعتماد اور اتحاد کا مظہر ہے۔ امید ہے کہ نومنتخب کابینہ صحافت کے وقار، آزادیِ اظہار، ذمہ دارانہ صحافت اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کے لیے اپنی بھرپور صلاحیتیں بروئے کار لائے گی، بیان میں اس امید کا بھی اظہار کیا گیا کہ نومنتخب کابینہ تربت پریس کلب کی مثبت اور شاندار صحافتی روایات کو مزید مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ صحافیوں کے حقوق، فلاح و بہبود اور پیشہ ورانہ امور کے فروغ کے لیے مؤثر کردار ادا کرے گی، تربت پریس کلب کی نومنتخب کابینہ میں حافظ صلاح الدین سلفی صدر، نور شاہ نور نائب صدر، ماجد صمد جنرل سیکریٹری، ایاز اسلم جوائنٹ سیکریٹری جبکہ مقبول ناصر خزانچی منتخب ہوئے ہیں

بقیہ 8

بعد 19 ستمبر 2026 کو باعزت طور پر ریٹائر ہوگئے ہیں ان کی ریٹائرمنٹ کے سلسلے میں 23 ستمبر 2026 بروز بدھ بوقت سہ پہر 3 بجے بمقام نگہت پیلس، راشد منہاس روڈ، گلشن اقبال، کراچی میں نوپ (ارشد جاوید گروپ) کراچی سرکل کی جانب سے ایک پروقار الوداعی تقریب و تقریب ریٹائرمنٹ کا انعقاد کیا جارہا ہے اس تقریب میں بانی نوپ ارشد جاوید بطور مہمانِ خصوصی شرکت فرمائیں گے اور خالد جمشید فاروقی کی 42 سالہ محکمانہ خدمات کے اعتراف میں اپنے دستِ مبارک سے انہیں اعزازی شیلڈ پیش کریں گے جبکہ اس الوداعی تقریب میں محکمہ ڈاک کے حاضر سروس، ریٹائرڈ ملازمین، یونین کے عہدیداران، کارکنان اور مختلف سرکلز اور ڈویژنز سے تعلق رکھنے والے ساتھیوں کی بڑی تعداد شرکت کرے گی

بقیہ 9

سیکیورٹی پلان کی منظوری دی ہے۔ 24 ستمبر سے سے شروع ہونے والا میلہ تین روز تک جاری رہے گا۔ میلے کے موقع پر ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی زیرِ نگرانی اور SHO اوتھل وحید علی مگسی کی ٹیم کی قیادت میں سیکیورٹی کے انتہائی سخت حفاظتی انتظامات کیے جا رہے ہیں، میلے کے آغاز پر درگاہ کے خلفائیکی جانب سے درگاہ پر چادر چڑھائی جائے گی اور ملک وقوم کی سلامتی، خوشحالی اور امن کے لیے خصوصی دعا کی جائے گی۔ میلے کے تینوں روز ملھ پہلوان اپنے فن کے جوہر دکھائیں گے

بقیہ 10

لیئے تعمیراتی و تزدین وآرائش کیکام کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے ڈسٹرکٹ کمپلیکس لسبیلہ میں جاری تعمیراتی کام کا معائنہ کیا اور پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام اور ٹھیکیداروں کو ہدایات دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے مزید ہدایت کی کہ کمپلیکس کے کام کو جلد سے جلد مکمل کیا جائے۔ واضح رہے کہ BSDI فیز III کیتحت ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں جاری ترقیاتی کام 80 فیصد مکمل ہوچکے ہیں جس کی بدولت جلد ہی ضلع کے بہت سارے آفیسران ایک ہی چھت کے نیچے عوام کے مسائل حل کرنے کے لیئے سہولیات فراہم کریں گے۔

بقیہ 11

اور ایس ایس پی کچھی غلام مرتضیٰ بھٹو کی زیرِ نگرانی پی ٹی اے بلوچستان اور ٹریفک پولیس کچھی نے قلم دین چیک پوسٹ پر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران بغیر روٹ پرمٹ گاڑیوں، غیر قانونی روٹ کے استعمال، گاڑیوں کی چھتوں پر مسافروں کو بٹھانے، مقررہ حد سے زائد سامان لادنے اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر گاڑیوں کے کاغذات، روٹ پرمٹ اور دیگر ضروری دستاویزات کی جانچ پڑتال کی گئی۔ حکام کے مطابق کارروائی کے دوران چھتوں پر مسافروں کو بٹھانے اور اوورلوڈنگ کی خلاف ورزی پر 25 گاڑیوں کے چالان کیے گئے، جبکہ 15 گاڑیوں کو بند کردیا گیا۔ متعدد گاڑی مالکان اور ڈرائیوروں کو مسافروں کو گاڑیوں کی چھتوں پر بٹھانے سے گریز کرنے کی وارننگ بھی جاری کی گئی۔ حکام نے بتایا کہ بعض مسافر گاڑیوں، ٹرکوں اور دیگر بھاری گاڑیوں میں مقررہ حد سے زائد لوڈنگ، چھتوں پر مسافروں کو بٹھانے اور غیر قانونی روٹ کے استعمال کی خلاف ورزیاں سامنے آئیں

بقیہ 12

سہولیات، مریضوں کے علاج معالجے اور جاری طبی سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی تفصیلات کے مطابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری پٹرولیم وایم این اے سی ڈویژن میاں خان بگٹی کا انڈس ہسپتال سوئی کا دورہ جہاں ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے انہیں طبی سہولیات، مریضوں کے علاج معالجے اور جاری طبی سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ہسپتال کے ایچ اوسی ڈاکٹر محمد حسین مسوری بگٹی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ میاں خان بگٹی نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا جائزہ لیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں

بقیہ 13

پر شدید ردِعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام، ٹرانسپورٹرز، مزدوروں اور کاروباری طبقے کیلئے ناقابلِ برداشت بوجھ بن چکا ہے، پٹرول کی قیمت تاریخ کی بلندترین سطح پر پہنچ چکی ہے، جس سے عام آدمی کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے براہِ راست اثرات اشیائے ضروریہ، سفری اخراجات اور ہر شعبہ زندگی پر پڑتے ہیں، جبکہ ٹرانسپورٹرز کیلئے گاڑیوں کے اخراجات، اسپیئر پارٹس، ٹائرز، مرمت اور دیگر ضروریات پہلے ہی انتہائی مہنگی ہوچکی ہیں۔ موجودہ صورتحال میں ٹرانسپورٹ کا پہیہ چلانا بھی مشکل ہوتا جارہا ہے

بقیہ 14

(BRA) کی ٹیم نے کوئٹہ کے مختلف شادی ہالز کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران متعدد شادی ہالز کو بلوچستان ریونیو اتھارٹی اور بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ، 2015 کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی، جبکہ متعلقہ کاروباری مراکز کو ٹیکس قوانین کی تعمیل اور قابلِ اطلاق تقاضوں کی تکمیل کے حوالے سے نوٹسز بھی جاری کیے گئے۔ BRA ٹیم نے شادی ہالز کے انتظامیہ کو رجسٹریشن، ٹیکس تعمیل، درست ریکارڈ رکھنے اور قانون کے مطابق واجب الادا ٹیکس کی بروقت ادائیگی کی اہمیت سے آگاہ کیا

بقیہ 15

سیاسی وسماجی شخصیات، علماء کرام، صحافیوں اور عوامی حلقوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ جرگے سے خطاب کرتے ہوئے شرکاء نے کہا کہ چوری، ڈکیتی اور لوٹ مار کی مسلسل وارداتوں کے باعث عوام شدید خوف وتشویش میں مبتلا ہیں۔ شہر کی گلیاں، بازار، شاہراہیں اور دیہی راستے سمیت شہریوں کے گھر اور دورانِ سفر بھی خود کو محفوظ تصور نہیں کرتے۔ شرکاء کا کہنا تھا کہ مسلح افراد مبینہ طور پر شاہراہوں اور مختلف مقامات پر وارداتیں کرکے شہریوں سے قیمتی سامان، نقدی اور دیگر اشیاء چھین کر فرار ہو جاتے ہیں۔ شرکاء نے امن وامان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کیے جائیں، شاہراہوں، بازاروں اور حساس مقامات پر سکیورٹی کا نظام مؤثر بنایا جائے اور وارداتوں میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے

بقیہ 16

سے ڈھاڈر اور گردونواح میں بجلی کی فراہمی متاثر ہوئی تاہم بجلی کی بحالی کے لیے واپڈا حکام سے بات ہوئی ہے اور جلد ڈھاڈر کی بجلی بحال کردی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ چاکر ماڑی تغاری میں ڈھاڈر پریس کلب کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا صحافیوں کے وفد کی قیادت صدر ڈھاڈر پریس کلب محمد عارف بنگلزئی کر رہے تھے جبکہ وفد میں عبدالحئی گولہ، غلام فاروق جتوئی اور عرفان بدوزئی شامل تھے اس موقع پر صدر ڈھاڈر پریس کلب محمد عارف بنگلزئی نے ڈسٹرکٹ چیئرمین سردارزادہ میر بھرگ خان رند کو ڈھاڈر اور گردونواح کے علاقائی مسائل خصوصاً بجلی کی بندش اور اس کے باعث عوام کو درپیش مشکلات سے آگاہ کیا انہوں نے کہا کہ بجلی کی بندش کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ شدید گرمی میں بجلی کی عدم دستیابی سے عوام کی پریشانی مزید بڑھ گئی ہے سردارزادہ میر بھرگ خان رند نے صحافیوں کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بجلی کی بحالی کے معاملے پر کیسکو حکام سے بات ہوئی ہے اور متعلقہ حکام ٹرانسمیشن لائن کی بحالی کے لیے اقدامات اٹھا رہے ہیں

بقیہ 17

والے قافلے صرف جماعت اسلامی کے کارکنان پر مشتمل نہیں بلکہ پاکستان کے عوام کی آواز لے کر جارہے ہیں۔ ملک کے چاروں صوبوں، ہر شہر اور ضلع سے عوام اپنے حقوق کے لیے اس پُرامن اور آئینی جدوجہد میں شریک ہوں گے۔ ان قافلوں کا جماعت اسلامی اور مہنگائی کے ستائے عوام کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عوام پر مزید ٹیکسوں اور مہنگائی کا بوجھ ڈالنے کے بجائے انہیں حقیقی ریلیف فراہم کیا جائے۔ پٹرولیم لیوی ختم کی جائے، مہنگائی میں کمی لائی جائے اور عام آدمی کو جینے کا حق دیا جائے۔ پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ صرف سفری اخراجات تک محدود نہیں رہتا بلکہ سبزی، آٹا، دودھ، کرایوں، تعلیم اور علاج سمیت زندگی کی بنیادی ضروریات کو بھی متاثر کرتا ہے۔ حکمرانوں کو سمجھنا ہوگا کہ عوام کی جیب لامحدود خزانہ نہیں ہے۔ ثمینہ سعید نے کہا کہ پاکستان کی خواتین اس معاشی بحران کے اثرات کو براہِ راست محسوس کررہی ہیں۔ جس ماں کے لیے گھر کا بجٹ بنانا مشکل ہوگیا ہے، جس خاندان کو بچوں کی فیس اور راشن میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا پڑتا ہے اور جس نوجوان کو روزگار کے مواقع میسر نہیں

بقیہ 18

پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے دلوں میں بستی ہے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کو پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو نیشنل ٹاؤن شاہ زمان روڈ حافظ انجینئر محمد ندیم قاضی، حبیب بلوچ، کامریڈ ظہور بلوچ، محمد لطیف چوہان، محمد اظہر اور حاجی سعد اللہ کاکڑ سمیت دیگر افراد کی پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر فہیم سالانی، کاشف لہڑی، نور بخش بنگلزئی اور علاقہ کے دیگر معززین بھی موجود تھے۔ اس موقع پر علاقہ مکینوں نے نیشنل ٹاؤن شاہ زمان روڈ میں درپیش مختلف مسائل سے پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی کو آگاہ کیا میر لیاقت لہڑی نے عوام کے مسائل سنے اور انہیں حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ میر لیاقت لہڑی نے کہا کہ زوامی مسائل کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں حلقہ انتخاب میں کروڑوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں جن کی تکمیل عوام کو بنیادی سہولیات انکی دہلیز پر فراہمی میں مدد ملے گی، حلقے کے عوام نے جن مسائل کی نشاندہی کی ہے انہیں حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے

بقیہ 19

جنہیں شہر کے مختلف محلوں، گلیوں اور تنگ راستوں سے کچرا بروقت اٹھانے کے لیے استعمال کیا جائے گا افتتاحی تقریب میں وائس چیئرمین میونسپل کارپوریشن گوادر سیف اللہ ہوت، کونسلر فیصل اللہ بخش سمیت میونسپل کارپوریشن کے افسران اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ گوادر میں صفائی ستھرائی اور بنیادی بلدیاتی سہولیات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی اداروں کی بحالی، گلیوں کی ٹف ٹائلنگ، چوکوں کی خوبصورتی اور صفائی کے لیے جدید مشینری کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے صفائی رکشوں کی شمولیت سے شہر کی تنگ گلیوں اور مختلف علاقوں سے کچرا اٹھانے کا عمل مزید تیز اور مؤثر ہوگا

بقیہ 20

اتوار کو کوہلو کے علاقے سینجاڑ میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص خان محمد ولد ہیبت خان کو ہلاک کردیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔ پولیس نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی اور مقدمہ درج کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

بقیہ 21

کرنے کی دہشت گردوں کی کوشش ناکام بنادی گئی۔ معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور نے کہا کہ کارروائی میں اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائی کی گئی۔ دہشت گردوں کے ٹھکانے سے چھ ٹرک، تین بسیں اور دو گاڑیاں بھی برآمد ہوئیں، جبکہ بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد قبضے میں لیا گیا۔ شاہد رند نے سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ریاستی ادارے اور عوام متحد ہیں۔

بقیہ 22

مصنوعی ٹانگوں کے لیے ناپ اور پیمائش کی گئی ایک ہفتے کے اندر انہیں مصنوعی ٹانگیں فراہم کی جائیں گی۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کے روز وندر میں ڈس ایبلڈ ویلفیئر ایسوسی ایشن لسبیلہ اور کیئر لنک ٹرسٹ (UK) کے اشتراک سے معذور افراد کی سہولت اور بحالی کے لیے خصوصی کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں حب وندر اوتھل بیلہ کنراج دریجی سے تعلق رکھنے والے درجن سے زائد معذور افراد نے شرکت کی۔ کیمپ کے دوران کراچی سے آنے والی ماہر ٹیم کے ارکان ڈاکٹر ظہیر احمد، اشفاق احمد، وقار احمد نے معذور افراد کی مصنوعی ٹانگوں کے لیے باقاعدہ ناپ اور پیمائش کی تاکہ ہر فرد کی جسمانی ضرورت کے مطابق مصنوعی ٹانگ تیار کی جاسکے۔ ناپ اور پیمائش کا عمل مکمل ہونے کے بعد ایک ہفتے کے اندر تمام معذور افراد کو مصنوعی ٹانگیں فراہم کردی جائیں گی۔ ڈاکٹر اشفاق احمد کیئر لنک یوکے ٹرسٹ کے ممبر کی گفتگو۔ اس موقع پر ڈس ایبلڈ ویلفیئر ایسوسی ایشن لسبیلہ حب کے چیئرمین زاہد مبارک انگاریہ نے کیمپ کے انتظامات کی نگرانی اور معذور افراد کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے ٹیم کے ارکان کے ساتھ امور میں حصہ لیا۔ کیمپ میں چیئرمین یونین کونسل سونمیانی عبدالواحد سوری، ڈاکٹر غلام قادر دریجہ، عبدالرزاق انگاریہ، غلام قادر قادر انگاریہ، محمد عیسٰی وانداتی، زبیر بلوچ، تنویر حفیظ ایوبی، رفیق بلوچ، سیف اللہ آچرہ، نوید بلوچ، سبحان بلوچ ودیگر نے کیمپ کا دورہ کیا۔

بقیہ 23

ہوئے بلوچستان کے تمام اضلاع سے لانگ مارچ کے قافلے اسلام آباد دھرنے میں بھرپور شرکت کریں گے۔ گزشتہ سال بھی ہم نے بلوچستان کے حقوق کے لیے اسلام آباد مارچ کیا تھا مگر اسلام آباد کے حکمرانوں نے عملی اقدامات اور حقوق دینے کے بجائے صرف وعدوں اور اعلانات پر اکتفا کیا، جس کے باعث آج بلوچستان بارود پر کھڑا ہے اور عوام بدحال وپریشان ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے اسلام آباد لانگ مارچ ودھرنے کی تیاریوں کے حوالے سے ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ اسلام آباد دھرنے میں بلوچستان کے نوجوان، علمائے کرام، طلبہ وطالبات، اساتذہ کرام، تاجر، مزدور اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کثیر تعداد میں شریک ہوں گے۔ بلوچستان سے کچھ قافلے کراچی کے قافلوں کے ساتھ روانہ ہوچکے ہیں، جبکہ مختلف اضلاع سے مزید قافلے آج اور کل اسلام آباد کے لیے روانہ ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے مسائل، مطالبات، دکھ اور درد بھی اسلام آباد دھرنے میں اپنے قائدین اور پوری قوم کے سامنے پیش کریں گے

بقیہ 24

تائیکوانڈو ماسٹر حکیم نادر عباس (مرحوم) کو خراجِ تحسین پیش کرنے کیلئے این ایس تائیکوانڈو کلب ماڈل ٹاؤن کے چیف ایگزیکٹو بلیک بیلٹ فورتھ ڈان انٹرنیشنل گولڈ میڈلسٹ رانا اعجاز احمد نے پانچویں حکیم نادر عباس تائیکوانڈو چیمپئن شپ منعقد کی، جس میں مختلف کلبوں کے 170 سے زائد تائیکوانڈو پلیئرز بچوں اور بچیوں نے شرکت کی۔ تائیکوانڈو وماسٹر سراج دین نے ینگ پلیئرز میں انعامات تقسیم کیے۔ بلیک بیلٹ فورتھ ڈان (ڈبلیو ٹی ایف، کوریا) پوسے کوچ خاور محمود نے بطور ریفری جج پروفیشنل انداز میں مقابلے کرائے۔ تائیکوانڈو چیمپئن شپ میں نوجوان کھلاڑیوں نے بھرپور جوش، عزم اور بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے شائقین کو متاثر کیا۔

بقیہ 25

خان کے سیاسی مئقف اور جمہوری جدوجہد کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سیاسی اختلافات کو طاقت، مقدمات اور ایف آئی آرز کے ذریعے دبانے کی کوششیں سیاسی مسائل کے حل میں معاون نہیں بن سکتیں، بلکہ اس سے سیاسی بے چینی میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ ان کے مطابق سیاسی معاملات کو آئینی اور جمہوری طریقہ کار کے تحت حل کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 26

کرکے آمدورفت بحال کردی۔ ایف سی بلوچستان نے افرادی قوت اور مشینری کے ذریعے دہشتگردی سے متاثرہ رابطہ پل فوری بحال کیا۔ پل تباہ ہونے سے عوام کو مشکلات کا سامنا تھا، تاہم ایف سی نے فوری اقدامات کرکے آمدورفت بحال کردی۔ پل کی فوری بحالی پر شہریوں نے ایف سی کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ مشکل حالات میں ایف سی نے بھرپور تعاون کیا، رابطہ بحال کرنے پر ایف سی حکام کے شکر گزار ہیں۔ ایف سی بلوچستان امن وامان کے قیام کے ساتھ ساتھ عوامی مشکلات کے ازالے اور سہولیات کی فراہمی میں بھی اہم کردار ادا کررہی ہے۔

بقیہ 27

بی آر کی جانب سے جاری کردہ کے مطابق ایف بی آر کی جانب سے کوئٹہ شہر میں مختلف شعبوں کی نشاندہی کی گئی ہے جنہیں ٹیکس نظام کا حصہ بنانے کے لیے مانیٹرنگ کا عمل تیز کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں اسکولز، کالجز، نجی یونیورسٹیاں، اسپتال، لیبارٹریز، بیوٹی پارلرز، ہوٹلز، ریسٹورنٹس، گیسٹ ہاسز، میرج ہالز، ہیلتھ اینڈ فٹنس کلبز، شاپنگ مالز، جنرل اسٹورز، کیٹرنگ سروسز، میڈیکل اسٹورز اور باڈی بلڈنگ کلبز سمیت مختلف کاروباری اور خدماتی مراکز کو ٹیکس نظام میں لانے کی کوشش کی جارہی ہے ایف بی آر کے مطابق متعلقہ شعبوں سے وابستہ کاروباری افراد اور اداروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ مقررہ مدت کے اندر اپنی ٹیکس رجسٹریشن مکمل کریں اور انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرائیں تاکہ انہیں قانونی تقاضوں کی تکمیل کا موقع مل سکے۔ اس اقدام کا مقصد ایسے کاروبار اور ادارے جو ٹیکس نظام سے باہر ہیں، انہیں دستاویزی معیشت کا حصہ بنانا اور ٹیکس قوانین کے مطابق اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کا پابند بنانا ہے جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ ایف بی آر کی جانب سے مقررہ مدت کے دوران متعلقہ کاروباری مراکز کی نگرانی اور ریکارڈ کی جانچ کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ ٹیکس حکام مختلف شعبوں سے وابستہ اداروں اور کاروباروں کی رجسٹریشن، ریٹرن فائلنگ اور ٹیکس سے متعلق دیگر قانونی تقاضوں کا جائزہ لیں گے، جبکہ مقررہ ڈیڈ لائن کے بعد عدم تعمیل کرنے والے کاروباروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی ایف بی آر کی جانب سے ٹیکس نیٹ میں توسیع کے اس اقدام کے بعد کوئٹہ میں مختلف کاروباری حلقوں میں بھی تشویش اور سرگرمی میں اضافہ دیکھا جارہا ہے۔ کاروباری افراد کا کہنا ہے کہ ٹیکس قوانین پر عمل درآمد ضروری ہے

بقیہ 28

مکمل کرنے کے بعد واپس روانہ ہوئی۔ جیل ذرائع نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی کے بلڈ پریشر، کولیسٹرول اور آنکھوں سمیت مکمل طبی معائنہ کیا گیا، میڈیکل ٹیم کی سربراہی پمز اسپتال کے ڈاکٹر عارف خان کر رہے تھے۔ جیل ذرائع کے مطابق میڈیکل ٹیم کو اڈیالہ جیل اسپتال کے طبی عملے کی بھی معاونت حاصل تھی۔ خیال رہے کہ اس سے قبل بھی پمز اسپتال کے ماہر ڈاکٹرز کی ٹیم اڈیالہ جیل میں عمران خان کا طبی معائنہ کرچکی ہے۔

بقیہ 29

کو حق نہیں ہوگا کہ حکومت کو بجلی بیچ سکے اور نہ حکومت خرید سکے گی، ملک میں بجلی پیدا کرنے والے اور استعمال کرنے والے آپس میں خود خرید وفروخت کریں گے، اس نظام کا اطلاق سب سے پہلے صنعتی یا بڑے صارفین پر ہوگا، نظام کو مزید شفاف بنانے سے صارفین کو کم قیمت بجلی میسر آسکے گی، عوام کو سستی بجلی کی فراہمی ترجیح ہے، آئندہ 5 سال میں 800 میگاواٹ بجلی کی نیلامی کی جائے گی۔ اتوار کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان میں بجلی حکومت خریدتی ہے اور اپنے ترسیلی نظام کے ذریعے صارفین تک پہنچاتی ہے، تاہم بجلی کی قیمت، آئی پی پیز اور واپڈا سمیت مختلف معاملات پر گزشتہ 25، 30 سال سے سوالات اٹھتے رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی حکومت نے گزشتہ 25، 30 سال سے زیرِ غور اس ارادے کو عملی شکل دینے کا آغاز کردیا ہے۔

بقیہ 30

کاری، انصاف اور ریاستوں کی خودمختاری کے احترام پر رکھی جائے۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری بیان کے مطابق بلاول بھٹو نے کہا کہ دنیا کے مختلف علاقوں میں جاری تنازعات سے ثابت ہوا ہے کہ عسکری محاذ آرائی سیاسی تنازعات کا پائیدار حل نہیں۔ عالمی برادری کو جنگ کے بجائے مذاکرات کے ذریعے تنازعات کے حل کیلئے سفارتی ذرائع مضبوط کرنا ہوں گے۔ انہوں نے ایران اور امریکا کے درمیان حالیہ تنازع کے حوالے سے پاکستان کی سفارتی کوششوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے فریقین کے درمیان مذاکرات کی راہ ہموار کرنے اور انہیں مذاکراتی تصفیے کی جانب راغب کرنے کی کوشش کی۔ ان کے مطابق ایران، امریکا مفاہمتی یادداشت نے یہ ثابت کیا کہ جنگ کے مقابلے میں مکالمہ اور تنازع کے مقابلے میں سفارت کاری زیادہ مؤثر راستہ ہے

بقیہ 31

ذرائع کے مطابق سیاسی جماعتوں کے احتجاج کے پیشِ نظر خیبرپختونخوا سے وفاق آنے والے راستوں کے سروے کے بعد اسلام آباد آنے والوں مظاہرین روکنے کیلئے حکمت عملی تیار کرلی گئی۔ وفاقی پولیس نے خیبرپختونخوا سے اسلام آباد آنے والی شاہراہوں پر خندقیں کھودنے کا فیصلہ کرلیا، جی ٹی روڈ پر احتجاجی قافلوں کو روکنے کیلئے خندقیں کھودی جائیں گی، 26 نمبر چونگی، پیرودھائی، آئی جی پی روڈ، اسوال موڑ، کٹی پہاڑی پر خندقیں کھودنے کا فیصلہ ہوا ہے۔ خیبرپختونخوا سے اسلام آباد آنے والے راستوں پر رکاوٹیں کھڑی کی جائیں گی، اسلام آباد کی اہم شاہراہوں پر رکھے کنٹینرز میں مٹی کی بوریاں بھرنے کا فیصلہ ہوا ہے

بقیہ 32

کے مطابق قلات کے قریب این 25 پر دہشتگردوں کی عوامی آمدورفت میں خلل ڈالنے کی کوشش ناکام بنادی گئی، سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے 5 دہشتگردوں کو ہلاک کردیا، ہلاک دہشتگردوں کے ٹھکانے سے 23 مغوی بحفاظت بازیاب کروالیے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گردوں کے ٹھکانے سے 6 ٹرک، 3 بسیں اور 2 کاریں برآمد کرلی گئیں، جبکہ بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد بھی قبضے میں لے لیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گردوں نے اغوا، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے کیلئے چیک پوسٹ قائم کر رکھی تھی۔

بقیہ 33

کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کیا اور دہشت گردوں کے ٹھکانے سے 23 مغوی افراد کو بحفاظت بازیاب کرایا، جو سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور بروقت ردِعمل کا ثبوت ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردوں کی جانب سے قومی شاہراہ پر عوام کی پُرامن آمدورفت متاثر کرنے، اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے کی مذموم کوشش کو سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی سے ناکام بنادیا۔ وزیراعلیٰ نے دہشت گردوں کے ٹھکانے سے چھ ٹرک، تین بسیں اور دو گاڑیوں سمیت بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد کرنے پر بھی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کے قیام اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گی

بقیہ 34

تھے، اس مرتبہ ایسا نہیں ہوگا، ہم اسلام آباد کو سومنات بنائیں گے جبکہ وفاقی وزراء نے پی ٹی آئی کے صوبائی صدر کے بیان پر سخت ردِعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جنید اکبر کا بیان افراتفری اور تباہی کے ارادے کو ظاہر کرتا ہے، پی ٹی آئی کی جانب سے احتجاج کی کال غیر قانونی ہے اور حکومت انہیں سڑکیں بند کرنے اور عوام کی روزمرہ زندگی میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دے گی، آپ پرامن شہری ہیں تو ہر راستے سے اسلام آباد آئیں اور 100 بار آئیں، اگر دہشت گرد بن کر آئیں گے تو پھر واپس جانے نہیں دیں گے۔ دوسری جانب وفاقی وزیراطلاعات عطا تارڑ نے جنید اکبر کے بیان پر ردِعمل دیتے ہوئے کہا کہ ان کا بیان اس ارادے کو ظاہر کرتا ہے کہ وہ ملک میں افراتفری اور تباہی پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے حکم پر مکمل طور پر عمل کیا جائے گا اور کوئی غیر قانونی اقدام برداشت نہیں کیا جائے گا، اسلام آباد میں ایسی کوئی چیز برداشت نہیں کی جائے گی جو غیر قانونی ہو یا جس سے جان ومال کو خطرہ ہو۔ وزیرِ مملکت نے کہا کہ یہ کہتے ہیں سومنات بنادیں گے، ہمیں پتا ہے انہوں نے خیبر پختونخوا کو سومنات بنادیا ہے، ہم اس طرح کی سوچ کو آگے نہیں بڑھنے دیں گے، انہوں نے خود بتادیا کہ ان کا اصل پلان کیا ہے۔ اپنے ردِعمل کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ دارالحکومت کو میدانِ تصادم بنانے کی دھمکیاں نہ جمہوری سیاست ہیں نہ عوام کے مفاد میں ہیں۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد کو سومنات بنانے کی دھمکی دینے والے جنید اکبر خان کو یاد رکھنا چاہیے، اسلام آباد کسی سیاسی جماعت کی جاگیر نہیں

بقیہ 35

جاری کردیا گیا ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پمز اور پولی کلینک میں ہائی الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ میڈیکل ونان میڈیکل شعبوں کے سربراہان کی چھٹیوں پر پابندی بھی لگادی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا کہ ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکس اور معاون عملے کو دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ جماعت اسلامی کی جانب سے اسلام آباد میں مہنگائی اور پیٹرولیم لیوی میں کمی کیلئے لانگ مارچ کا اعلان کیا گیا ہے

بقیہ 36

فلسطینیوں کی تعداد تقریباً 74 ہزار تک پہنچ گئی ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک سال سے جاری اسرائیلی حملوں میں زخمی فلسطینیوں کی تعداد ایک لاکھ 75 ہزار کے قریب پہنچ چکی ہے۔ غزہ کی وزارت صحت نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ ہزاروں فلسطینی اب بھی تک ملبے تلے دبے ہوئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ خدشات ہیں کہ جاری حملے میں شہید فلسطینیوں کی حتمی گنتی مکمل ہونے پر یہ تعداد ایک لاکھ سے تجاوز کرجائے گی۔

بقیہ 37

کی پرزور مذمت کی ہے۔ صوابی سے جاری بیان میں اسد قیصر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے خاندان کے غیر سیاسی افراد کو حراست میں لینا تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ علیمہ خان کی گرفتاری کی پرزور مذمت کرتا ہوں۔

بقیہ 38

پروائل اپنے ٹانکوں کی تصویر کی تصدیق کردی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں سابق وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ پرانا زخم ہے، جو 9 مئی کے بعد حراست میں تشدد سے بنا تھا، اس کا علاج جاری تھا کہ تکلیف بڑھنے پر چند روز قبل سرجری کرائی، جس پر 9 ٹانکے لگے۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ اس وقت بطور وزیراعلیٰ ایپکس کمیٹی اجلاس میں وزیراعظم کے سامنے بھی معاملہ اٹھایا تھا، تاہم صحت کو بنیاد بنا کر پارٹی کے بعض افراد کا پروپیگنڈا انتہائی نامناسب ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز کے مشورے کے باوجود پارٹی سرگرمیاں جاری ہیں، 27 ستمبر کی کال کے لیے اسٹریٹ موومنٹ بھی چلا رہا ہوں۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ ٹانکے میری کمزوری نہیں بن سکتے، بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی کے لیے جدوجہد جاری رکھوں گا۔

بقیہ 39

فکری اور تہذیبی قلعے ہیں؛ یہ صرف عبادت گاہیں یا تعلیمی مراکز نہیں بلکہ قرآن وسنت کی تعلیم، اسلامی فکر کی حفاظت، دینی شعور کی بیداری اور نسلِ نو کی نظریاتی تربیت کے بنیادی مراکز ہیں۔ جب تک مدارس ومساجد آباد اور علماء اپنے منصب پر موجود ہیں، دین کی تعلیم وترویج کا چراغ روشن رہے گا اور اسلامی تشخص کے خلاف ہونے والی فکری و تہذیبی یلغار کا مقابلہ علمی بنیادوں پر جاری رہے گا۔ آج کے دور میں مدارس وعلماء ہی وہ مؤثر علمی قوت ہیں جو الحادی، سیکولر اور اسلام مخالف فکری رجحانات کے مقابلے میں اسلامی نظریہ، دینی اقدار اور مسلم معاشرے کی تہذیبی شناخت کا دفاع کر رہے ہیں، اسی لیے مختلف ادوار میں دینی مدارس اور علماء کو دباؤ، پروپیگنڈے، انتظامی رکاوٹوں اور مختلف نوعیت کے فتنوں کے ذریعے کمزور کرنے کی کوششیں ہوتی رہی ہیں۔

بقیہ 40

مطابق فتنہ الہندوستان کے حملے کا نشانہ بننے والی گاڑی میں سوار دیگر 9 مزدوروں کو بھی چوٹیں آئیں۔ سیکیورٹی فورسز نے فوری موقع پر پہنچ کر متاثرہ مزدوروں کو طبی امداد فراہم کی اور انہیں مرکزِ صحت منتقل کیا۔ سیکیورٹی فورسز سے پسپائی کے بعد فتنہ الہندوستان کا عام شہریوں اور مزدوروں کو نشانہ بنانا ان کی بوکھلاہٹ کا واضح ثبوت ہے۔ فتنہ الہندوستان کی جانب سے ایک بار پھر عام بلوچ عوام پر حملہ، نہتے شہریوں کو نشانہ بنانے کی مذموم کوشش تھی، بلوچ مزدوروں اور مسافر گاڑیوں پر حملہ ثابت کرتا ہے کہ فتنہ الہندوستان کا بلوچستان یا بلوچیت سے کوئی تعلق نہیں۔

بقیہ 41

گاؤں دشت کلاتو میں مسلح افراد نے ان کی بیٹھک پر حملہ کرتے ہوئے شدید فائرنگ اور دھماکا کی تاہم ہوت نعمت اللہ محفوظ رہے جبکہ حملہ آور اغوا کی کوشش میں ناکام ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق ہوت نعمت اللہ اپنے ماموں کی وفات پر فاتحہ خوانی کے لیے بیٹھک میں موجود تھے کہ دو موٹرسائیکلوں اور ایک گاڑی پر سوار مسلح افراد وہاں پہنچے اور انہیں اغوا کرکے لے جانے کی کوشش کی فاتحہ خوانی میں موجود افراد نے مسلح حملہ آوروں کا مقابلہ کیا، جس کے بعد حملہ آور فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے فرار ہوگئے فائرنگ کے نتیجے میں متعدد گاڑیوں کو شدید نقصان پہنچا۔ ذرائع کے مطابق فرار ہوتے ہوئے مسلح افراد نے راستے میں بم دھماکا کیا جس سے ایک پل کو بھی نقصان پہنچا

بقیہ 42

حضرت، محمد نبی، شیخ محمد اور نجیب اللہ کی کوئلہ کانوں کو نشانہ بنایا اور وہاں نصب 3 انجن اور 2 کمپریسر سمیت قیمتی مشینری کو جلا دیا، جس کے نتیجے میں ٹھیکیداروں کو لاکھوں روپے کا نقصان پہنچا۔ واقعہ کے بعد پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر تفتیش شروع کردی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔ دریں اثناء صوبائی وزیر خوراک وچیئرمین فوڈ اتھارٹی بلوچستان حاجی نور محمد خان دومڑ نے گزشتہ شب طالب لیز میں کوئلہ کانوں کی مشینری جلانے کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے غریب ٹھیکیداروں کی مشینری کو نذرِ آتش کرنا بزدلانہ اور قابلِ مذمت کارروائی ہے

بقیہ 43

ہیں جس کے بعد ان کی تعداد 413 ہوگئی۔ ان اعلانات میں یمن کے 10 صوبوں سے تعلق رکھنے والے ہلاک شدگان شامل تھے، جن میں صنعا، صعدہ، حجہ، الحدیدہ، ذمار، عمران، الحویت، تعز، اِب اور الجوف شامل ہیں۔ فہرست میں 25 فوجی رینک رکھنے والے افراد کے نام شامل تھے، جن کے عہدے اسسٹنٹ سے بریگیڈیئر تک تھے۔ ان میں 3 بریگیڈیئرز کے علاوہ متعدد کرنل، لیفٹیننٹ کرنل، میجر، کیپٹن اور لیفٹیننٹ بھی شامل تھے۔ دریں اثناء سعودی فوجی اتحاد نے کہا کہ یمن کے حوثیوں کی جانب سے ریاض کی طرف داغا گیا بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اتوار کو ایک بیان میں سعودی فوجی اتحاد کے مطابق بیش، طائف، فرسان اور ینبع میں بھی حوثیوں کے حملے ناکام بنادیے۔ حوثیوں نے شہری علاقوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کی تھی

بقیہ 44

ذاتی محافظوں سے رابطہ منقطع ہوگیا۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈپٹی کمشنر منیر سومرو اور ان کے دونوں محافظوں کے موبائل فون مسلسل بند جارہے ہیں، تاہم تاحال ڈپٹی کمشنر یا ان کے محافظوں کے اغوا کی تصدیق نہیں کی جاسکتی۔ ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر خاران سے رابطے کی مسلسل کوشش کی جارہی ہے جبکہ ان کی تلاش کے لیے نوشکی، خاران اور چاغی پولیس کو متحرک کردیا گیا ہے۔

بقیہ 45

کہا ہے کہ سیاسی مسائل کے سیاسی حل کے لیے ہر فریق کو ایک قدم پیچھے ہٹنا ہوگا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کے دوران بیرسٹر گوہر نے محسن نقوی کے ساتھ ملاقاتوں کی تردید سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ ملاقاتیں ہوتی رہتی ہیں، مذاکرات ہونے چاہئیں، فی الحال ماحول ٹھنڈا ہے اور کوئی بات نہیں بن سکی۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج میں کوئی قانون نہیں توڑیں گے اور نہ راستے بند کریں گے جبکہ لانگ مارچ میں سرکاری وسائل کا بالکل استعمال نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عدالت کو آئی جی خیبر پختون خوا سے حلف نامہ طلب نہیں کرنا چاہیے تھا، ایسا تاثر بھی نہیں دینا چاہیے کہ خیبر پختون خوا کے عوام اور پولیس آپس میں لڑپڑیں گے

بقیہ 46

دیگر حکومتی معاملات پر ڈھائی، ڈھائی سال کا فارمولا طے ہوا تھا تاہم موجودہ حالات میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بہتر کارکردگی دکھا رہے ہیں اس لیے میری ذاتی رائے ہے کہ انہیں ہی اپنی ذمہ داریاں جاری رکھنی چاہیے۔ انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے زرک مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان میں اس وقت حالات خراب ہیں اور اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا، ایسے حالات میں حکومت کی تبدیلی کے بجائے صوبے میں جاری حکومتی معاملات کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی مرکز اور بلوچستان میں اتحادی جماعتیں ہیں، دونوں جماعتوں کے درمیان وزارتوں یا دیگر معاملات پر کوئی بڑا اختلاف نہیں، نہ ہی ایک دوسرے پر غیر ضروری دباؤ ڈالا جارہا ہے

بقیہ 47

کا کہنا ہے کہ علیمہ خان کی گاڑی لٹن روڈ تھانے میں کھڑی ہے جبکہ انہیں کوٹ لکھپت جیل منتقل کردیا گیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کو تھری ایم پی او کے تحت حراست میں لے لیا گیا ہے اور انہیں کوٹ لکھپت جیل منتقل کردیا گیا ہے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق علیمہ خان اپر مال میں واقع اپنے گھر سے جم جانے کے لیے نکلی تھیں کہ لٹن روڈ پولیس نے انہیں حراست میں لے لیا۔ بیرسٹر گوہر خان نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ نورین نیازی نے انہیں علیمہ خان کی گرفتاری کے بارے میں فون پر بتایا ہے۔ پی ٹی آئی نے ہمیشہ واضح کیا ہے کہ 27 ستمبر کا مارچ پرامن اور سیاسی ہوگا

بقیہ 48

ساتھ مکہ معاہدے کے تحت اس عسکری ضروریات کا جائزہ لیں گے، اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ یمن میں جنگ ختم کرنے کے لیے تمام فریقین تک تجاویز پہنچادی گئی ہیں، سعودی عرب کو امریکا ایران جنگ کا حصہ بنانا ناقابلِ قبول ہے۔ ترک وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ مشرقِ وسطیٰ کا بحران اب معاشی طور پر ناقابلِ برداشت ہوچکا ہے۔ خاقان فیدان نے مزید کہا کہ ہم نے یوکرین اور روس کو بحیرہ اسود میں لڑائی ختم کرنے کی پیشکش بھیجی ہے۔

بقیہ 49

ڈالر کی برآمدات کا ہدف حاصل کرنے کے لیے کوشاں ہیں، نوجوانوں کو عالمی معیار کے ہنر سے آراستہ کرنا ناگزیر ہے، آٹو انڈسٹری پاکستان کی صنعتی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، ملکی معاشی ترقی کا مستقبل پیداواری اور مینوفیکچرنگ صنعت کے فروغ، برآمدات میں اضافے، تحقیق وترقی، جدت اور عالمی معیار کی مسابقتی صلاحیت سے وابستہ ہے۔ ایکسپو سنٹر لاہور میں آٹو ایکسپو شو کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ برآمدات پر مبنی معیشت کا فروغ حکومت کی اولین ترجیح ہے، ملکی پیداواری ڈھانچے میں ویلیو ایڈیشن کو فروغ دینے، صنعتی شعبے کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے اور نوجوانوں کو عالمی معیار کے ہنر سے آراستہ کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ آٹو انڈسٹری پاکستان کی صنعتی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، تاہم اس شعبے میں جدید ٹیکنالوجی، تحقیق، جدت اور ویلیو ایڈیشن کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ صنعت اور اکیڈمیا کے درمیان مؤثر تعاون کے ذریعے تحقیق وترقی کو صنعتی ضروریات سے ہم آہنگ کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ چار دہائیوں کے دوران پاکستان میں جس آٹو انڈسٹری کی بنیاد رکھی گئی، وہ آج ملک کی صنعتی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے اور اس شعبے کی کارکردگی اس امر کا ثبوت ہے کہ پاکستان میں صنعتی پیداوار اور برآمدی صلاحیت کو مزید وسعت دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی معاشی پالیسیوں کا محور پیداواری شعبے کو مضبوط بنانا، صنعتی استعداد میں اضافہ اور برآمدات کو فروغ دینا ہے، 2035 تک 100 ارب ڈالر کی ایکسپورٹس کا ہدف حاصل کرنے کے لیے حکومت، صنعت اور اکیڈمیا کو مشترکہ حکمت عملی کے تحت آگے بڑھنا ہوگا

بقیہ 50

پولیو مہم (آج) پیر سے شروع ہوگی، جس کے دوران صوبے بھر میں پانچ سال سے کم عمر تقریباً 23 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) بلوچستان کے کوآرڈینیٹر انعام الحق نے کہا ہے کہ انسدادِ پولیو مہم کے لیے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں اور بچوں کو پولیو ویکسین پلانے کے لیے مجموعی طور پر 9,193 ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں ہیں انہوں نے بتایا کہ مہم میں 621 فکسڈ سائٹ ٹیمیں بھی حصہ لیں گی، جبکہ 392 ٹرانزٹ پوائنٹ ٹیمیں صوبے کے اہم آمدورفت اور نقل وحرکت کے مقامات پر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی۔

بقیہ 51

ہیلتھ سینٹر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ کوئی شک نہیں مہنگائی نے ہر شہری کی زندگی کو مشکل بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کی بنیادی وجہ پیٹرول کی قیمت ہے، یہ تاثر غلط ہے کہ حکومت پیٹرول کی قیمت بڑھاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے ہر ملک میں مہنگائی ہے، وجہ پیٹرولیم مصنوعات کا مہنگا ہونا ہے

بقیہ 52

مقررہ وقت سے پہلے ختم کرکے وائٹ ہاؤس میں واپسی اختیار کرلی۔ عرب میڈیا کے مطابق انتظامیہ نے صدر ٹرمپ کا دورہ مختصر کرنے کی کوئی وجہ نہیں بتائی، ٹرمپ اتوار کے روز طے شدہ وقت سے قبل کیمپ ڈیوڈ سے روانہ ہو گئے۔ ہفتہ وار تعطیلات کے دوران صدر کے سفری پروگرام میں تبدیلی معمول کی بات ہے جس کی ایک بڑی وجہ موسم بھی ہوسکتی ہے، کیمپ ڈیوڈ کے پہاڑی علاقے میں بارش اور گرج چمک کے ساتھ طوفان کی پیش گوئی بھی کی گئی تھی۔

بقیہ 53

ہمشیرہ نورین خان نیازی نے کہا ہے کہ علیمہ خان کی گرفتاری 27 ستمبر کا دباؤ ہے، 27 ستمبر تاریخی دن ہوگا، عمران خان کی رہائی کی تحریک کا ہم سب حصہ ہیں۔ اپنی ہمشیرہ عظمیٰ خانم اور مدثر عمر ایڈووکیٹ کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ علیمہ خان صبح گھر سے نکلیں تو انہیں گاڑی اور ڈرائیور سمیت اغوا کرلیا گیا، بعد میں معلوم ہوا علیمہ خان کی گاڑی تھانے میں کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہر گھر میں گھس رہے ہیں، ہم ڈریں گے نہیں جیلوں کا سامنا کریں گے

بقیہ 54

کی قیادت میں پیٹرولیم لیوی، بھتہ ٹیکس اور آئی پی پیز کے ظالمانہ معاہدوں کے خلاف کراچی تا اسلام آباد "سپر ٹرین مارچ" کا کراچی کینٹ اسٹیشن سے آغاز ہوگیا۔ کراچی کینٹ اسٹیشن پر ہزاروں کی تعداد میں جماعت اسلامی کے کارکنان اور مارچ کے شرکاء موجود تھے، جہاں خواتین نظم کی ذمہ داران نے شرکائے مارچ کو اپنی دعاؤں میں اسلام آباد کے لیے رخصت کیا۔ امیر جماعت اسلامی سندھ کاشف سعید شیخ سندھ کے مختلف ریلوے اسٹیشنوں پر ٹرین مارچ کے شرکاء کا استقبال کریں گے۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے ٹرین مارچ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کراچی سے شروع ہونے والا یہ کاروان عوام کے مطالبات کی آواز بن کر اسلام آباد پہنچے گا۔ حکمت عملی کے مطابق جماعت اسلامی کے کارکنان اور عوام کے قافلے اسلام آباد کی جانب روانہ ہوچکے ہیں، جبکہ آج باب خیبر اور بلوچستان سے بھی کاروان اسلام آباد کے لیے روانہ ہوں گے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ حکومت نوشتہ دیوار پڑھ لے، یہ کسی کی انا کا مسئلہ نہیں ہے۔ حکومت اپنا کریڈٹ لے اور بھتہ ٹیکس ختم کرے۔ حکومت کے پاس عوام کو ریلیف دینے کا راستہ موجود ہے پیٹرولیم لیوی ختم اور عوام پر عائد اضافی بوجھ کم کیا جائے۔ اسلام آباد مارچ کسی پارٹی یا کسی فرد کی ذات کے لیے نہیں بلکہ عوام کے حقوق کے لیے کیا جارہا ہے۔ حکومتی پالیسیوں کے باعث عوام بدترین پریشانی کا شکار ہیں، سفید پوش طبقہ اپنی زندگی کسمپرسی میں گزارنے پر مجبور ہے، جبکہ حکومت اپنی بدانتظامی اور ناقص پالیسیوں کا بوجھ عوام پر ڈال رہی ہے

بقیہ 55

ہوئے محسن رضائی نے کہا کہ ایران اپنے شہید رہنما علی خامنہ ای کے فتوے کے حوالے سے اپنے مئقف پر اب بھی قائم ہے اور اس میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ تاہم ان کا کہنا تھا کہ مستقبل میں کیا ہوگا، اس بارے میں کچھ کہنا قبل از وقت ہے۔ محسن رضائی نے واضح کیا کہ ایران اس وقت یہ جائزہ لے رہا ہے کہ آیا اسے این پی ٹی سے دستبردار ہونا چاہیے یا نہیں۔ ان کے مطابق اس فیصلے کا انحصار امریکا کے اقدامات اور رویے پر ہوگا۔ دوسری جانب ایران کے سکیورٹی چیف نے سعودی عرب اور یمن کے درمیان جاری جنگ کے خاتمے میں مدد کی پیشکش بھی کی۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران حقیقی طور پر سعودی عرب اور یمن کے درمیان جنگ ختم کرنا چاہتا ہے۔۔۔۔۔۔ ایران نے امریکا کی جانب سے ممکنہ حملے میں علاقائی ممالک کے تعاون پر سخت ردِعمل کی دھمکی دی ہے۔ ایرانی فوجی مرکزی کمان نے سرکاری میڈیا کے حوالے سے کہا ہے کہ اگر کسی علاقائی ملک نے ایران پر امریکی حملے میں مدد یا تعاون کیا تو اسے ایران کی جانب سے کسی قسم کی رعایت کی توقع نہیں رکھنی چاہیے

بقیہ 56

ایرانی محکمہ منصوبہ بندی وبجٹ کی رپورٹ کے مطابق ستمبر میں ایرانی تیل کی فروخت 3 ارب ڈالر سے تجاوز کرگئی ہے۔ رپورٹ میں یہ نہیں بتایا گیا کہ ناکہ بندی کے باوجود ایران کس طرح تیل کی برآمدات جاری رکھے ہوئے ہے۔ دوسری جانب امریکی فوج نے دعویٰ کیا کہ آبنائے ہرمز سے ہونے والی تجارت کا حجم گزشتہ چھ ماہ کی بلندترین سطح پر آگیا ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ سینٹکام نے کہا کہ پچھلے دو ہفتوں کے دوران آبنائے ہرمز سے گزرنے والے خام تیل، کارگو اور مائع قدرتی گیس کے حجم میں اضافہ ہوا ہے۔ کمانڈر ایڈمرل بریڈ کوپر نے کہا کہ امریکی فوج نے دو ماہ کے دوران آبنائے ہرمز سے ایک ارب بیرل سے زائد تیل کی نقل وحمل میں معاونت فراہم کی ہے۔ دوسری جانب ایرانی پاسداران انقلاب کے ماہرین نے باب المندب کے علاقے کا دورہ کیا تاکہ اس کے قریب ریڈار کی تنصیب کا جائزہ لیا جاسکے اور قریبی پہاڑی ٹیلوں میں سرنگیں کھودنے کے کام کی نگرانی کی جاسکے۔ دونوں ذرائع نے بتایا کہ حوثیوں کے ساتھ کام کرنے والے ایرانی ماہرین نے باب المندب کے علاقے الخا کی بندرگاہ اور ہوائی اڈے اور الخا کے مشرق میں جبل النار ملٹری کیمپ کا دورہ کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ماہرین نے الخا اور باب المندب کے قریبی پہاڑی ٹیلوں میں سرنگیں کھودنے کے کام کی نگرانی کی اور الخا کے قریب نیز جنوبی بحیرہ احمر میں زقر جزیرے کے اندر ریڈار کی تعصیب کے عمل پر تبادلہ خیال کیا۔ ذرائع نے بتایا کہ ماہرین حدیدہ سے آئے تھے اور انہوں نے الگ الگ دورے کیے۔ دریں اثناء ایران کے سلامتی امور کے عہدیدار محسن رضائی نے کہا کہ امریکا پہلے ایران کی شرائط پر عمل کرے، اس کے بعد ہی مذاکرات ہو سکتے ہیں۔ عرب میڈیا کو دیے گئے انٹرویو کے دوران محسن رضائی نے کہا کہ قطر اور پاکستان کی حکومتیں ایران سے مسلسل مشاورت اور رابطوں میں ہیں، ایران نے اپنی شرائط سے دونوں ممالک اور امریکا کو آگاہ کردیا ہے اور اب امریکی ردِعمل کا انتظار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کی شرائط میں منجمد اثاثے جاری کرنا، تمام محاذوں پر جنگ ختم کرنا، ایران کے داخلی معاملات میں مداخلت سے باز رہنا، انقلاب مخالفین سے تعاون روکنا، ایرانی سرزمین پر کسی بھی جارحیت کا خاتمہ اور بحری ناکہ بندی اٹھانا شامل ہے۔ ایرانی عہدیدار نے کہا کہ جوہری پالیسی کے حوالے سے ایران اپنے رہنما آیت اللہ خمینی کے فتوے پر قائم ہے تاہم مستقبل کے حالات واضح نہیں، ایران جوہری عدم پھیلاؤ کے معاہدے سے دستبرداری پر بھی غور کررہا ہے جس کا فیصلہ امریکا کے طرزِ عمل سے مشروط ہوگا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر دوبارہ جنگ شروع ہوئی تو ایران ان تمام امریکی فضائی اڈوں کو پہلے سے زیادہ شدت کے ساتھ نشانہ بنائے گا جہاں سے امریکی طیارے پرواز کرتے ہیں۔ دریں اثناء ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کرنا ایران کا حق ہے

بقیہ 57

دو افسران سمیت 6 جوان شہید ہوگئے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی نے ہنگو میں سکیورٹی فورسز کے جوانوں کی شہادت پر اظہارِ افسوس اور شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وطن کے دفاع اور سلامتی کے لیے سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے آپریشن عزم استحکام کے تحت کارروائیاں پوری قوت سے جاری رکھی جائیں گی۔ اتوار کو پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق ہنگو میں 20 ستمبر کو سکیورٹی فورسز کے قافلے اور خوارج کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا اور سکیورٹی فورسز نے مؤثر کارروائی کرتے ہوئے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنالخوارج کو ہلاک کردیا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے کے دوران فتنہ الخوارج کے 8 دہشتگردوں کو ہلاک کردیا گیا اور اس دوران دستوں کی قیادت فرنٹ سے کرنے والے دو بہادر افسران نے بھی جام شہادت نوش کیا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ شہید ہونے والوں میں 23 سالہ کیپٹن ابوذر فاروق اور 22 سالہ لیفٹیننٹ شیراز بابر، 4 جوان شہید شکیل احمد، حمزہ شہید، محمد عثمان شہید، فوج کیساتھ جوان غلام سجاد شہید شامل ہیں، یوں مجموعی طور پر 2 افسران سمیت 6 اہلکاروں نے جام شہادت نوش کیا۔

بقیہ 58

یکساں ہے، فیول ریلیف سکیم کے حوالے سے شکایات بھی آرہی ہیں، جو شکایات آرہی ہیں، انہیں حل کیا جارہا ہے، پٹرولیم ریلیف سکیم ٹارگٹڈ سبسڈی ہے، تقریباً اڑھائی کروڑ موٹرسائیکلیں پاکستان میں رجسٹرڈ ہیں جو اس سکیم سے مستفید ہوں گے۔ اتوار کو یہاں وزیراعظم فیول ریلیف سکیم کے حوالے سے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے پاکستان بھر میں خصوصی فیول ریلیف سکیم کامیابی سے جاری ہے، خطے میں کشیدگی کے باعث پوری دنیا میں تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہورہا ہے جس نے دنیا کی تمام معیشتوں کو اپنی لپیٹ میں لیا ہے جبکہ اس کا دباؤ پاکستان پر بھی آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تیل کی قیمتوں میں اضافے کے بعد وزیراعظم شہباز شریف نے کافی عرصہ قبل اس سکیم کی منصوبہ بندی شروع کردی تھی اور تمام متعلقہ محکموں اور وزارتوں کو بروقت ہدایات جاری کیں کہ ایسی سکیم وضع کی جائے جس سے اشرافیہ، بڑی گاڑیوں کے مالکان اور ایلیٹ طبقہ نہیں بلکہ عام اور غریب آدمی فائدہ اٹھاسکے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اسی مقصد کے تحت خصوصی فیول ریلیف سکیم کا اجرا کیا گیا، وزیراعظم نے ہر سطح پر اس کی منصوبہ بندی کی خود نگرانی کی اور سکیم کے تحت آئی ٹی کا مکمل نظام وضع کروایا، وزارت آئی ٹی نے اس مقصد کے لیے باقاعدہ ڈیجیٹل ڈیش بورڈ بھی تیار کیا جبکہ رجسٹریشن کے نظام کیلئے شارٹ کوڈ کے ذریعے ایس ایم ایس سروس شروع کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اس پورے نظام کے پیچھے ایک جامع آئی ٹی بیسڈ سسٹم موجود ہے، جس کے تحت رجسٹریشن کی جاتی ہے اور اہل افراد کے لیے ٹوکن جنریٹ کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں سکیم کا کامیابی سے جاری رہنا وزیراعظم شہباز شریف اور ان کی ٹیم کی نیک نیتی اور عوامی فلاح کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ عوام اور میڈیا کی جانب سے موصول ہونے والی تجاویز پر وزیراعظم نے موٹر سائیکل، رکشہ اور چنگ چی کے لیے اہلیت کی مدت 15 سال سے بڑھا کر 20 سال کردی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب یکم جنوری 2006 یا اس کے بعد رجسٹرڈ موٹر سائیکل، رکشہ اور چنگ چی اس سکیم کے لیے اہل ہوں گے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ عوام کی تجاویز پر وزیراعظم نے فیول ریلیف سکیم کے تحت ایس ایم ایس سروس مفت کردی ہے جبکہ موٹرسائیکل، چنگ چی اور رکشہ کے لیے پانچ لیٹر فی ٹوکن کی شرط بھی ختم کردی گئی ہے

بقیہ 59

اور عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں 80 فیصد اضافہ ہوا ہے تاہم پاکستان میں صرف 50 فیصد اضافہ کیا گیا ہے، کسی کو اسلام آباد پر یلغار کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، ریاست کے مفادات کے تحفظ کے لیے جو کچھ کرنا پڑا کریں گے، عوام کے لیے تیل سستا کرنا میری ذمہ داری ہے، توانائی شعبے کے فیصلے قومی مفاد اور ملکی ضروریات کے مطابق کیے جارہے ہیں، موجودہ صورتحال میں عوام کو ریلیف دینے کیلئے ہر ممکن اقدام کیا جارہا ہے، فرانس میں تیل نایاب ہوچکا ہے، وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں ذمہ دار حکومت کی حیثیت سے عوام کو تیل کی فراہمی یقینی بنائی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا خطے میں کشیدگی کے باعث عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں اور سپلائی پر اثر پڑ رہا ہے، عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں 90 فیصد جبکہ پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 50 فیصد اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ میں بھی ڈیزل کا گیلن 6 ڈالر سے بڑھ چکا ہے، فرانس میں پمپس پر پٹرول کی قلت ہوگئی ہے، ڈیزل کی قیمت 2 یورو 40 سینٹ سے بڑھ چکی ہے۔ ایران جنگ شروع ہونے سے پہلے پاکستان میں پٹرول کی قیمت 260 اور ڈیزل کی قیمت 280 روپے فی لیٹر تھی جبکہ دبئی کے خام تیل کی قیمت 71 ڈالر فی بیرل تھی، خام تیل کی قیمت 132 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی ہے، جس کے باعث پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر بھی دباؤ بڑھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو عوام کی مشکلات کا احساس ہے، وسائل کی تنگی کے باوجود عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا کہ خطہ انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے

بقیہ 60

معاشی ترقی کا سفر متاثر ہوسکتا ہے، معاشی سرگرمیوں کے تعطل سے قومی معیشت کو اربوں روپے کے نقصان کا خدشہ ہے، پائیدار معاشی استحکام کا حصول ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، ہم معاشی استحکام سے معاشی ترقی کی جانب گامزن ہیں، زرمبادلہ کے ذخائر ملک کی بلندترین سطح تک پہنچ چکے ہیں، مالیاتی خسارے میں نمایاں کمی ہوئی ہے، اخراجات کو کم کیا جارہا ہے، کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس ہے، ترسیلات زر میں مسلسل اضافہ کا رجحان ہے، برآمدات کا شعبہ بھی درست سمت میں گامزن ہے، پاکستان سٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے، بدقسمتی سے مشرق وسطیٰ کی صورتحال سے سب متاثر ہورہے ہیں، امید ہے معاشی ترقی کے سفر میں مزید بہتری آئے گی، احتجاج، دھرنے اور ہڑتالیں مسائل کا حل نہیں، ڈائیلاگ کا راستہ ہی سب سے بہتر اور مناسب ہے۔ اتوار کو یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں چند حقائق عوام کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں، گزشتہ ہفتے میں ہمارے زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر تک پہنچ چکے ہیں، قومی تاریخ میں مالیاتی خسارہ ہائی سنگل ڈیجٹ سے 2.6 پہ آچکا اور آمدنی میں اضافہ ہوا ہے، ہماری پوری کوشش ہے ہم اخراجات کو کم کریں، کرنٹ اکاؤنٹ کی کارکردگی میں نمایاں بہتری ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 14 سال کے بعد کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس آیا، گزشتہ سال ہمارا اکاؤنٹ برابر تھا۔ وزیرخزانہ نے کہا ہماری آئی ٹی کی برآمدات میں مسلسل اضافے کا رجحان ہے، گزشتہ مالی سال میں 4.6 ارب ڈالر کی برآمدات کی گئیں اور اس سال انشاء اللہ تعالیٰ بڑھ کے 5.5 ارب ڈالر تک پہنچ جائیں گی

PROCUREMENT NOTICE

PROCUREMENT OF NON-CONSULTANCY SERVICES

1. The Ministry of Foreign Affairs **(Ministry of Foreign Affairs (MOFA))** has reserved Funds for the procurement planned for FY **2026-27**. The **Ministry of Foreign Affairs (Ministry of Foreign Affairs (MOFA))** intends to apply part of the proceeds of this Fund to cover eligible payments under the contract for the **"Provision of CIR Internet"** with the reference of **"P119242"**.

2. The **Ministry of Foreign Affairs (Ministry of Foreign Affairs (MOFA))** invites Bids through **EPADS v2.0** from eligible Bidders registered on **EPADS v2.0** for provision of Non-Consultancy Services.

3. **Single Stage-Two Envelope** Procedure of Principal Method of Procurement (i.e. Open Competitive Bidding) will be used by adopting **Least Cost Based Selection (LCBS)** Technique for the subject procurement, in line with the Public Procurement Rules, 2004 and any Regulations, and Instructions issued by the Authority (from time to time).

4. All Bids must be accompanied by a Bid Security described in Bid Security Section in Bidding Document in the form of **Pay Order, Banker's Cheque, Call at Deposit, Demand Draft** or Bid Securing Declaration on the prescribed format described.

5. E-Bidding documents, containing detailed terms & conditions, specifications and requirements etc. are available on **e-Pak Acquisition and Disposal System (EPADS)** at **https://epads.gov.pk/opportunities/federal/procurements/119242**.

6. The e-bids, prepared in accordance with the instructions in the e-Bidding documents, must be submitted through **EPADS v2.0** on or before **Thursday, October 8, 2026 11:30 AM.** E-bids will be opened on the same day at **Thursday, October 8, 2026 12:00 PM**. Manual submission of Bids shall not be entertained. Those vendors who have not yet registered on the new version of **EPADS v2.0**, may register themselves on **https://vendors.epads.gov.pk/**.

A tutorial to explain the registration process is available at h**ttps://www.youtube.com/watch?v=MNW6T38v7tc.**

7. In terms of Rules 48 of Public Procurement Rules, 2004 Grievance Redressal Committee (GRC) is notified for the subject procurement and notification copy is available on the procuring agency's website and also available on **EPADS v2.0** as well as Authority's website at **(www.ppra.org.pk)**.

Ministry of Foreign Affairs (Ministry of Foreign Affairs (MOFA)),
Deputy Director
Constitution Avenue, Sector G-5., Islamabad Capital Territory
+92-347-725-9108, adgs.sykb@mofa.gov.pk

PID (I) No. 2666/26

سابق وزیر اعلیٰ جان محمد جمالی سے خان محمد جمالی ملاقات کر رہے ہیں

مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی سلامتی امت مسلمہ کیلئے ریڈ لائن ہے، میر علی حسن زہری

مکہ مکرمہ پر حملے کی کوشش ناقابلِ معافی اور ناقابلِ برداشت جرم ہے

مقدس ترین شہر کو نشانہ بنانے کی کوشش انتہائی سنگین اور ناقابلِ معافی جرم ہے



اسلام آباد (پ ر) سینئر مرکزی رہنما پاکستان پیپلز پارٹی، ترجمان صدر مملکت آصف علی زرداری و سینئر صوبائی نائب صدر پی پی پی بلوچستان میر علی حسن زہری نے مکہ مکرمہ کی جانب ڈرون (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

امتحان کا شفاف اور میرٹ پر انعقاد حکومت کی اولین ترجیح ہے، راحیلہ حمید درانی

تمام امیدواروں کو بلاخوف و دباؤ اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی گئی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان راحیلہ حمید خان درانی نے بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ میں ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کے امتحانی مرکز کا دورہ کیا اور سکیورٹی، انتظامی امور اور امیدواروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے اطمینان کا اظہار کیا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ صوبہ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

پولیو کا مکمل خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، عزیز میمن

روٹیرینز انسدادِ پولیو مہمات کے دوران فرنٹ لائن ورکرز کو سہولت فراہم کرتے ہیں

اسلام آباد (پ ر) ستمبر کے خصوصی انسدادِ پولیو حفاظتی دنوں (SNIDs) کا افتتاح آج گلستانِ جوہر میں روٹری کلب آف کراچی کمیونٹی سینٹر میں منعقدہ تقریب میں کیا گیا۔ روٹری فاؤنڈیشن کے سابق ٹرسٹی اور نیشنل چیئر پولیو پلس کمیٹی عزیز میمن، ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

بختیار آباد قومی شاہراہ پر مسلح افراد کی آئل ٹینکرز پر فائرنگ تین افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بختیار آباد قومی شاہراہ پر مسلح افراد کی آئل ٹینکرز پر فائرنگ تین افراد زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق بختیار آباد قومی شاہراہ پر نامعلوم مسلح افراد نے آئل ٹینکرز پر فائرنگ کر دی جس سے آئل ٹینکرز کے ٹائر برسٹ اور شیشے ٹوٹنے سے تین افراد زخمی ہو گئے

ڈیرہ مراد جمالی قتل، ملوث دو مقامی زمیندار گرفتار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی قتل میں ملوث دو مقامی زمیندار گرفتار پولیس کے مطابق صدر پولیس ڈیرہ مراد جمالی نے ایک ماہ قبل قتل ہونے والے ندیم احمد ابڑو کے قتل میں ملوث دو مقامی زمینداروں کو گرفتار کر لیا پولیس نے ملزمان سے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

درگاہ سید فدا حسین شاہ بخاری کیسالانہ میلے کیلئے خصوصی سیکیورٹی پلان کی منظوری

میلے کے آغاز پر درگاہ کے خلفاء کی جانب سے درگاہ پر چادر چڑھائی جائے گی

اوتھل (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کی احکامات پر ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن لسبیلہ نے درگاہ سید فدا حسین شاہ بخاری کیسالانہ تین روزہ میلے کے پرامن انعقاد کیلئے خصوصی (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

ڈسٹرکٹ کمپلیکس کے کام کو جلد سے جلد مکمل کیا جائے، حمیرا بلوچ

ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ ڈسٹرکٹ کمپلیکس کی تعمیراتی وتزدین وآرائش کیکام کا دورہ

لسبیلہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ کے ہمراہ BSDI فیز تھری کے تحت جاری ڈسٹرکٹ کمپلیکس لسبیلہ کو فعال کرنے کے (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

کراچی: عالمی یوم امن کے موقع پر میراتھن کے شرکاء منزل کی جانب رواں دواں ہیں

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی

چھتوں پر مسافروں کو بٹھانے اور اوور لوڈنگ کی خلاف ورزی پر 25 گاڑیوں کے چالان کیے

ڈھاڈر (خ ن) صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان محمد حیات کاکڑ، سیکرٹری پروانشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (PTA) بلوچستان وحید شریف عمرانی کی ہدایت (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

میاں خان بگٹی کا انڈس ہسپتال سوئی کا دورہ

علاقے کے عوام کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی ایک اہم ضرورت ہے، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری پٹرولیم و ایم این اے سبی ڈویژن میاں خان بگٹی نے انڈس ہسپتال سوئی کا دورہ کیا، جہاں ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے انہیں طبی (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کے امتحانی مرکز کا دورہ کر رہی ہیں

حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، لیاقت لہڑی

پیپلز پارٹی بلا رنگ و نسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، اربوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کو روٹی، کپڑا اور مکان کی فراہمی کو یقینی بنایا ہے، پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کو روٹی، کپڑا اور مکان کی فراہمی کو یقینی بنایا ہے یہی وجہ ہے کہ (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، موٹر سائیکل اور مال بردار گاڑی میں تصادم ک، جھلس کر ایک شخص ہلاک بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے میں موٹر سائیکل اور مال بردار گاڑی میں تصادم کے نتیجے میں آگ سے جھلس کر ایک شخص ہلاک بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق میاں غنڈی میں ایرانی تیل سے لدے موٹر سائیکل اور مال بردار گاڑی میں تصادم کے نتیجے میں آگ بھڑک اٹھی جس کے باعث موٹر سائیکل سوار شخص جھلس کر جاں بحق ہو گیا

مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے صفائی رکشوں کا افتتاح کر دیا

گوادر میں صفائی ستھرائی اور بنیادی بلدیاتی سہولیات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ اور چیئرمین میونسپل کارپوریشن گوادر ماجد جوہر نے شہر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے چار نئے صفائی رکشوں کا افتتاح کر دیا۔ نئے رکشے بلدیاتی فلیٹ میں شامل کیے گئے ہیں، (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

کوہلو نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو ہلاک کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) کوہلو کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو ہلاک کر دیا۔ پولیس کے مطابق (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

ڈس ایبلڈ ویلفیئر ایسوسی ایشن لسبیلہ اور کیئر لنک ٹرسٹ کے زیر اہتمام مصنوعی اعضاء کی فراہمی کے خصوصی کیمپ میں کراچی آنے والی ماہر ٹیم معذور افراد کی مصنوعی ٹانگوں کیلئے ناپ اور پیمائش کر رہی ہیں

معذور افراد کے لیے مصنوعی اعضا کی فراہمی کا خصوصی کیمپ کا انعقاد

کیمپ میں درجن سے زائد معذور افراد کی مصنوعی ٹانگوں کے لیے ناپ اور پیمائش کی گئی

سونمیانی وندر (نمائندہ گوادر بزنس) ڈس ایبلڈ ویلفیئر ایسوسی ایشن لسبیلہ اور کیئر لنک ٹرسٹ کے باہمی تعاون سے یونین کونسل سونمیانی کے آفس میں معذور افراد کے لیے مصنوعی اعضا کی فراہمی کا خصوصی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ کیمپ میں درجن سے زائد معذور افراد کی (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ریاستی ادارے اور عوام متحد ہیں، شاہد رند

بلوچستان کے عوام امن، استحکام اور معمول کی پُرامن زندگی کے خواہاں ہیں، ریاستی ادارے عوام کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہے ہیں

بلوچستان میں امن کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے قلات کے قریب دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ بروقت اور مؤثر کارروائی کے نتیجے میں پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کرنا اہم کامیابی ہے۔ اپنے ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 23 مغوی افراد کو بحفاظت بازیاب کرایا، جو قابلِ تحسین اور بڑی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کارروائی کے دوران قومی شاہراہ پر عوام کی پُرامن آمدورفت متاثر (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

بارکھان، کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی زیر تعمیر ماڈل بازار کا معائنہ کرنے کے بعد متعلقہ افسران کو تعمیراتی کام مکمل کرنے کی ہدایت دے رہے ہیں

کوئٹہ، صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ، ممتاز قبائلی شخصیت سردار شہریار خان ناصر اور نصر الابزدار سینئر صحافی ظاہر ناصر سے ان کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بارڈر کے نام پر نیشنل پارٹی کا احتجاج فلاپ، عوام نے سیاسی ڈرامے کو مسترد کر دیا، مینا مجید

بارڈر کھولنے کے لیے پہلے سے عملی پیش رفت جاری ہے۔ جیرک بارڈر کیلئے ہر ہفتے کیچ کی نوبت لسٹیں جاری کی جا رہی ہیں

کھوکلے نعروں، احتجاجی کالز اور سیاسی ڈراموں سے عوام کو گمراہ نہیں کیا جا سکتا، بارڈر ٹریڈ کے معاملے پر حکومت بخوبی آگاہ ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما و مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے کہا ہے کہ نیشنل پارٹی نے ایک بار پھر کیچ کے عوام کو اپنے سیاسی مفادات کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کی مگر کیچ کے غیور عوام نے ان کی سیاست کو مسترد کرتے ہوئے واضح (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

گنداخہ، سینئر صحافی نصیر کاکڑ پر حملے کے خلاف صحافیوں کی جانب سے مظاہرہ کیا جا رہا ہے

سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر حملے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

صحافیوں کو حق و سچ کی آواز بلند کرنے پر نشانہ بنانا ناقابلِ قبول ہے، مظاہرین

گنداخہ (نور حسن جمالی) کوئٹہ کے سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر حملے کے خلاف گنداخہ پریس کلب کے صدر سلیم گوپانگ اور جنرل سیکرٹری نور حسن جمالی کی قیادت میں صحافیوں کی جانب سے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے نصیر احمد کاکڑ پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

گوادر فش آکشن ہال طویل عرصے بعد دوبارہ فعال

بندر جیٹی پر مچھلی کی باقاعدہ نیلامی شروع

گوادر (این این آئی) گوادر کے رکن صوبائی اسمبلی (ایم پی اے) مولانا ہدایت الرحمٰن اور گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمٰن خان نے سربندر فش لینڈنگ جیٹی میں گوادر فش آکشن ہال اور مال ہولڈنگ سیکشن کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

پریس کلب واشک کی جانب سے تربت پریس کلب کی نومنتخب کابینہ کو مبارکباد

تربت پریس کلب کی نومنتخب کابینہ کا بلا مقابلہ انتخاب صحافتی برادری کے باہمی اعتماد اور اتحاد کا مظہر ہے

بسیمہ (نامہ نگار) پریس کلب واشک کی جانب سے تربت پریس کلب کی نومنتخب کابینہ کو بلا مقابلہ کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی گئی ہے اور نومنتخب عہدیداران کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا ہے، پریس کلب واشک کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ تربت پریس کلب (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

راولپنڈی، امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر سے وزیر مملکت بلال بن ثاقب ملاقات کر رہے ہیں

جھل مگسی میں تیز رفتار کار بے قابو ہو کر الٹنے کے نتیجے میں تین افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی میں تیز رفتار کار بے قابو ہو کر الٹنے کے نتیجے میں تین افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق جھل مگسی کے علاقے ہائی پل پر تیز رفتار ٹوڈی کار بے قابو ہو کر الٹ گئی جس کے نتیجے میں ایس ایچ او کوٹ جھل مگسی جاوید آرائیں سمیت تین افراد زخمی ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور زخمیوں کو جھل مگسی سول اسپتال منتقل کر دیا

بھاگ، نامعلوم افراد ویگن کے مسافروں سے نقدی، موبائل فون اور دیگر اشیاء لوٹ کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی بھاگ کے قریب جیکب آباد جانے والی مسافر ویگن کو ڈاکوؤں نے لوٹ لیا پولیس کے مطابق ضلع کچھی بھاگ صدر پولیس تھانے کی حدود بستی حامد کے مقام پر نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر بھاگ سے جیکب آباد جانے والی مسافر ویگن کے مسافروں سے ہزاروں روپے نقدی موبائل فونز و دیگر سامان چھین کر فرار ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی گئی۔

خالد جمشید فاروقی کی ریٹائرمنٹ پر پروقار تقریب 23 ستمبر کو منعقد کی جائے گی

کراچی (پ ر) محکمہ ڈاک کے سینئر اور ہردلعزیز ساتھی، اسسٹنٹ پوسٹ ماسٹر فیڈرل بی ایریا ہیڈ پوسٹ آفس کراچی اور نیشنل آرگنائزیشن آف پوسٹل ایمپلائز (نوپ) کراچی سرکل کے چیف آرگنائزر خالد جمشید فاروقی محکمہ ڈاک میں اپنی 42 سالہ طویل اور شاندار ملازمت مکمل کرنے کے (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہیں، ظاہر شاہ کاکڑ

حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فوری کمی اور ٹرانسپورٹرز کو ریلیف فراہم کرے، اقبال سرگڑھ

مہنگے پٹرول نے ٹرانسپورٹ کا پہیہ چلانا مشکل بنا دیا، کرایوں میں اضافہ ناگزیر ہوگا، وزیر خان



کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ، پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے جنرل سیکرٹری وزیر خان، اقبال سرگڑھ اور دیگر رہنماؤں نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ اضافہ (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

بی آر اے کی ٹیم کا شادی ہالز کا دورہ

ٹیکس قوانین سے آگاہی اور رجسٹریشن کے حوالے سے نوٹسز جاری

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کے وژن کے تحت اور چیئر پرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ہدایات پر بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کے زیرِ اہتمام گرینڈ جرگے کا انعقاد

قبائلی معتبرین، سیاسی و سماجی شخصیات، علماء کرام، صحافیوں اور عوامی حلقوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی

بھاگ (نامہ نگار) بھاگ ناڑی میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال، چوری، ڈکیتی، لوٹ مار اور دیگر وارداتوں کے خلاف آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کے زیرِ اہتمام ایک اہم گرینڈ جرگے کا انعقاد کیا گیا، جس میں بھاگ ناڑی اور تحصیل بھر سے قبائلی معتبرین، (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

ڈھاڈر، چیئرمین ضلع کونسل کچھی سردارزادہ میر بہرگ خان رند سے صحافیوں کا وفد محمد عارف بنگلزئی کی قیادت میں ملاقات کر رہے ہیں

ٹرانسمیشن لائن کی بحالی کے لیے اقدامات اٹھا رہے ہیں، سردارزادہ میر بہرگ رند

ڈھاڈر کے عوام کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی

ڈھاڈر (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ چیئرمین ضلع کونسل کچھی سردارزادہ میر بہرگ خان رند نے کہا ہے کہ گزشتہ شب دھماکے کے باعث ہیوی ٹرانسمیشن لائن کا ٹاور تباہ ہونے (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

جماعت اسلامی پُرامن، آئینی اور جمہوری جدوجہد پر یقین رکھتی ہے، ثمینہ سعید

پٹرولیم لیوی کا خاتمہ، مہنگائی میں کمی اور عوام کو حقیقی ریلیف دیا جائے، نازیہ توحید

لاہور (پ ر) قائم مقام سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان ثمینہ سعید، صدر وسطی پنجاب نازیہ توحید، صدر لاہور عظمیٰ عمران نے آج 20 ستمبر کو حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں پٹرولیم لیوی اور مہنگائی کے خلاف اسلام آباد کی طرف ہونے والے مارچ کے حوالے سے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اسلام آباد کی طرف روانہ ہونے (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ ایف بی آر کا ٹیکس نیٹ وسیع کرنے کا فیصلہ

اسکولوں، اسپتالوں اور شادی ہالز سمیت مختلف شعبوں کو 30 ستمبر تک مہلت

متعلقہ شعبوں سے وابستہ کاروباری افراد اور اداروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ مقررہ مدت کے اندر اپنی ٹیکس رجسٹریشن مکمل کریں

مقررہ مدت میں رجسٹریشن اور انکم ٹیکس ریٹرن جمع نہ کرانے والے اداروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی اور کاروبار سیل کرنے کا انتباہ

کوئٹہ (یو این اے) وفاقی بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنے اور مختلف کاروباری و تجارتی شعبوں کو ٹیکس نظام میں شامل کرنے کے لیے کوئٹہ میں کارروائی کا دائرہ وسیع کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے تحت شہر کے مختلف اہم شعبوں سے وابستہ کاروباری مراکز، اداروں اور سروس پرووائیڈرز کو ٹیکس نظام میں رجسٹریشن اور انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کے لیے 30 ستمبر تک مہلت دی گئی ہے ایف (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

اسکیمیں متعارف کرانے کے بجائے عوام پر عائد ناروا ٹیکسز کا خاتمہ کیا جائے

ہدایت الرحمٰن بلوچ

بلوچستان کے عوام کے مسائل، مطالبات، دکھ اور درد بھی اسلام آباد دھرنے میں اپنے قائدین اور پوری قوم کے سامنے پیش کریں گے

حافظ نعیم الرحمٰن کی کال پر لبیک کہتے ہوئے بلوچستان کے تمام اضلاع سے لانگ مارچ کے قافلے اسلام آباد دھرنے میں بھرپور شرکت کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر اسکیمیں متعارف کرانے کے بجائے عوام پر عائد بھتہ خوری اور ناروا ٹیکسز کا خاتمہ کیا جائے، دھرنے اور لانگ مارچ کی راہ میں کسی قسم کی رکاوٹ برداشت نہیں کریں گے۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کی کال پر لبیک کہتے (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

نوشکی، ایک ماہ قبل اغوا ہونے والے میونسپل کمیٹی کے کونسلر جانان بڑیچ بازیاب

نوشکی (یو این اے) نوشکی سے ایک ماہ قبل مسلح افراد کے ہاتھوں اغوا ہونے والے میونسپل کمیٹی کے کونسلر جانان بڑیچ بازیاب ہو گئے۔ خاندانی ذرائع کے مطابق جانان بڑیچ کو دو روز قبل بلوچستان کے علاقے قلات کے قریب مسلح افراد نے رہا کر دیا، جس کے بعد وہ بحفاظت کوئٹہ پہنچ گئے اور اپنے رشتہ داروں کے ہاں موجود ہیں۔

جھل مگسی، گنداواہ سٹی پولیس تھانہ کی حدود میں چوری کی واردات، موٹر سائیکل، بیٹری اور نقدی چوری

جھل مگسی (یو این اے) جھل مگسی کے علاقے گنداواہ سٹی پولیس تھانہ کی حدود میں چوری کی ایک واردات پیش آئی ہے، جہاں نامعلوم چوروں نے گزشتہ شب ایک شہری کو نشانہ بنایا۔ متاثرہ شہری نبی بخش ڈھکڑ کے مطابق چور رات کی تاریکی میں ان کے گھر یا مطلوبہ مقام سے 2023 ماڈل کی سی ڈی موٹر سائیکل، 115 وولٹ کی بیٹری، قیمتی موبائل فون اور نقدی چوری کر کے با آسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر گنداواہ پولیس نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کر لیے ہیں اور ملزمان کی تلاش کے لیے باقاعدہ تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

جماعت اسلامی کے دھرنے میں شرکت کیلئے قافلہ کل کوئٹہ سے روانہ ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) جماعت اسلامی کے زیر اہتمام اسلام آباد دھرنے میں شرکت کیلئے جماعت اسلامی بلوچستان کا لانگ مارچ گاڑیوں کا مرکزی قافلہ صوبائی امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی قیادت میں کل 22 ستمبر منگل 11 بجے کوئٹہ سے بذریعہ سڑک لورالائی کے راستے سے روانہ ہوگا۔ قافلے میں کوئٹہ کے قریبی اضلاع کے ارکان و ذمہ داران ہوں گے

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-388370
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

تائیکونڈو ماسٹر سراج دین اور امین کمانڈو پانچویں حکیم نادر عباس تائیکونڈو چیمپئن شپ میں نیشنل تائیکوانڈو کلب کے ینگ پلیئر حسان شاہد کو سلور میڈل جیتنے پر میڈل، شیلڈ اور سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

حکیم نادر عباس تائیکونڈو چیمپئن شپ، نیشنل تائیکوانڈو کلب کی شاندار کارکردگی

نوجوان پلیئرز حماد شاہد اور حرم نے گولڈ میڈلز جبکہ حسان شاہد اور عباد عادل مرزا نے سلور میڈلز حاصل کیے

کوئٹہ (سپورٹس رپورٹر) پانچویں حکیم نادر عباس تائیکونڈو چیمپئن شپ میں نیشنل تائیکوانڈو کلب کے ینگ پلیئرز نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چار میڈلز جیت کر کلب کا نام روشن کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان میں تائیکونڈو کھیل کو متعارف کرانے والے (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

27 ستمبر کو باطل کیخلاف حق کی فتح ہوگی، سید صادق آغا

27 ستمبر کا ملک گیر لانگ مارچ تاریخی ہوگا۔ بلوچستان بھرپور شرکت کیلئے تیار ہے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کو ہونے والا ملک گیر لانگ مارچ تحریک انصاف کے مطابق عوام کے آئینی، جمہوری اور سیاسی حقوق کے مطالبات کے اظہار کا ذریعہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کارکنان اپنے قائد عمران (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

فرنٹیئر کور کا بروقت اقدام، این 40-شاہراہ کا پل بحال

ایف سی بلوچستان نے افرادی قوت اور مشینری کے ذریعے دہشتگردی سے متاثرہ رابطہ پل فوری بحال کیا

مستونگ (این این آئی) فرنٹیئر کور نے مستونگ کے قریب پنج پائی میں فتنہ الہندوستان کے خوارج کی جانب سے تباہ کیے گئے این 40-شاہراہ کے پل کی فوری مرمت (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، صوبائی دارالحکومت کی اہم شاہراہ زرغون روڈ پر ناقص سیوریج سسٹم کا منظر